قال اللہ تعالیٰ وقرآنا فرقناہ لتقرأہ علی الناس علی مکث ونزلناہ تنزیلا

چون آیت موصوفہ دال ست بر نافعیت تعلیم تدریجی برائے
عامۂ ناس حاضر باشد یا بادی ونیز بر ضرورت تعلیم علوم قرآنیہ یعنی دینیہ مشتمل ست
بر مقاصد و مبادی پس اتباعاً للنص المزبور صحیفہ شہریہ کہ متدرج ست بتدریج شہور

مسمی بہ

الہادی

جلد ۶ | بابت ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۸ھ | نمبر ۳

کہ جامع ست انواع علوم دینیہ را برائے ہر طالب جادی و مذکر ست در ہر مجلس و نادی
ومسکن ست برائے ہر رائح وصادی بصورت ترجمۂ رسالہ الانوار المحمدی و تسہیل المواعظ
وحل اشتباہات کلید مثنوی و تشرف و المنتخب و امثال عبرت و سیرۃ الصدیق کہ اکثر آن مستفاد ست
از درگاہ ارشادی یعنی خانقاہ اشرفی امدادی بادارۂ محمد عثمان عامی رہرو راہ اسلامی

در محبوب المطابع دہلی مطبوع گردید

از کتبخانہ اشرفیہ دریبہ کلان دہلی بزندآنو بر صدق رسی گردد

لہ ہذا التفسیر العام ماخوذ من حدیث قص بسنا مکتاب الدر و قضی بالرجم ۱۲

فہرست مضامین

رسالہ الہادی بابت ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۸ ہجری نبوی صلعم
جو بہ برکت دعا حکیم الامۃ محی السنۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب مدظلہ العالی
کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی سے شائع ہوتا ہے۔

مقاصد وضوابط رسالہ الہادی

۱۔ اس رسالہ کو شرعی مباحث کے سوا سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں۔

۲۔ رسالہ ہذا کا مقصود مسلمانوں کے ظاہر و باطن کی اصلاح ہے

۳۔ ہر قمری مہینہ کی تین تاریخ کو رسالہ روانہ ہو جاتا ہے اگر کسی صاحب کے پاس رسالہ نہ پہنچے تو فوراً طلب فرمائیں اطلاع پہنچتے ہی دوبارہ روانہ کر دیا جاتا ہے۔

۴۔ رسالہ ہذا کی سالانہ قیمت ۲؎ ہے مع محصول ڈاک علاوہ اُن حضرات کے جو قیمت پیشگی ارسال فرمائیں سب حضرات کی خدمت میں رسالہ وی۔پی۔ کیا جاتا ہے۔ اور وی۔پی کی صورت میں اخراجات رجسٹری فیس منی آرڈر اضافہ کر کے ۱۲؎ کا وی۔پی۔ روانہ کیا جاتا ہے اور ممالک غیر سے قیمت مع محصول ڈاک چار شلنگ چھ پینس مقرر ہے جو ہر حالت میں پیشگی لیجاتی ہے۔

۵۔ ہر خریدار کو ابتدائے سال سے خریدار ہونا ضروری ہے اور رسالہ کا سال جمادی الاول سے شروع ہوتا ہے

۶۔ رسالہ ہذا میں بجز اپنے کتب خانہ کی کتب کے کسی صاحب کا اشتہار یا کسی کتاب کا ریویو وغیرہ شائع نہیں کیا جاتا

۷۔ رسالہ ہذا کی پرانی جلدیں بھی موجود ہیں۔ مگر اُن کی قیمت میں اضافہ ہو جاتا ہے بجائے ۲؎ کے مع محصول کے (۳؎) علاوہ محصول ڈاک مقرر ہے۔

الراقم
محمد عثمان۔ مدیر رسالہ "الہادی" دریبہ کلاں دہلی

(۵) مسروق رحؒ (تابعی) سے روایت ہے کہ وہ عرفہ کے دن حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا مجھے پانی پلوا دیجئے حضرت عائشہؓ نے غلام سے فرمایا کہ ان کو شہد پلاؤ۔ پھر فرمایا اے مسروقؒ کیا تم روزہ سے نہیں ہو کہا نہیں مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں آج بقر عید^{عہ} کا دن نہ ہو حضرت عائشہؓ نے فرمایا یہ کچھ بات نہیں بلکہ عرفہ اسی دن ہے جسکو امام عرفہ قرار دے (یا عام اہل اسلام) اور بقر عید کا دن وہی ہے جسکو امام بقر عید کا دن قرار دے (یا عام اہل اسلام) اور اے مسروقؒ کیا تم نے یہ نہیں سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دن کو ہزار دنوں کے برابر سمجھتے تھے اسکو طبرانی نے سند حسن سے روایت کیا ہے اور بیہقی نے بھی۔ اور بیہقی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ عرفہ کے دن کا روزہ ہزار دنوں کے روزوں کے برابر ہے۔

(۶) سعید بن جبیر رضؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عبد اللہؓ بن عمر سے صوم عرفہ کے متعلق سوال کیا تو فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ^{عہ} میں اسکو دو سال کے روزوں کے برابر سمجھا کرتے تھے اسکو طبرانی نے سند حسن سے روایت کیا ہے۔ اور نسائی کی روایت میں ایک سال آیا ہے۔

57

(۷) حضرت زید بن ارقم رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے صوم عرفہ کے متعلق سوال کیا گیا تو فرمایا کہ وہ اس سال (کے گناہوں) کا بھی کفارہ ہو جاتا ہے جس میں تم اس وقت ہو اور اس کے بعد بھی ایک سال (کے گناہوں) کا کفارہ ہو جاتا ہے اسکو طبرانی نے کبیر میں رشدین بن سعد کے طریق سے روایت کیا ہے (اور رشدین میں بعض محدثین کو کلام ہے۔ بعض نے اسکو ثقہ کہا ہے اسلئے حدیث حسن ہے ۲ (ظ)

(۸) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عہ کیونکہ بعض دفعہ بعد میں شہادت سے ثابت ہو جاتا ہے کہ جس تاریخ کو ہم نے نویں تاریخ سمجھا تھا وہ دسویں تھی اور ذی الحجہ کی دس تاریخ کو روزہ رکھنا حرام ہے ۱۲۔ظ

عہ۔ یعنی حضورؐ کے زمانہ میں مسلمانوں کے اندر یہ بات مشہور تھی مگر میں نے بلا واسطہ حضورؐ سے یہ بات نہیں سنی اور حضورؐ کے زمانہ میں صحابہؓ کے اندر جو بات مشہور ہو وہ حضورؐ ہی سے صحابہؓ نے سنی ہوگی ۱۲۔ ظ

عرفہ کے دن روزہ رکھنے سے میدان عرفات میں منع فرمایا ہے (یعنی جو شخص اس دن حج ادا کرنے کے لئے عرفات میں مقیم ہو اسکو اس دن کے روزہ سے منع فرمایا ہے) اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور ابن خزیمہ نے صحیح میں روایت کیا ہے اور طبرانی نے اوسط میں اس حدیث کو حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے (حافظ منذری) فرماتے ہیں کہ علماء نے میدان عرفات میں عرفہ کے دن روزہ رکھنے میں اختلاف کیا ہے عبد اللہ بن عمرؓ تو یوں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن (اس جگہ) روزہ نہیں رکھا اور نہ حضرت ابو بکرؓ نے نہ حضرت عمرؓ نے نہ حضرت عثمانؓ نے اور میں بھی روزہ نہیں رکھتا۔ امام مالک اور سفیان ثوری بھی اس دن (اس موقع پر) افطار ہی کو ترجیح دیتے تھے اور عبد اللہ بن زبیرؓ اور حضرت عائشہؓ روزہ رکھتے تھے عثمان بن ابی العاص (صحابی رضؓ) سے بھی یہی منقول ہے اور اسحق بن راھویہ بھی روزہ رکھنے کو ترجیح دیتے تھے۔ اور عطاء (بن ابی رباح) فرمایا کرتے تھے کہ جاڑوں میں تو میں روزہ رکھ لیتا ہوں گرمی میں نہیں رکھتا۔ اور قتادہ کا قول یہ ہے کہ اگر (میدان عرفات میں) دعا کرنے میں سستی نہ ہو تو روزہ رکھنے کا مضائقہ نہیں اور امام شافعی کا قول یہ ہے کہ جو حج میں مشغول نہ ہو اس کے لئے تو عرفہ کا روزہ مستحب ہے اور جو حج میں مشغول ہو اس کے لیے میرے نزدیک افطار مستحب ہے تاکہ (اس موقع پر) دعا میں قوت حاصل ہو اور احمد بن حنبل کا قول یہ ہے کہ اگر روزہ رکھنے کی ہمت ہو تو روزہ رکھ لے اور اگر نہ رکھے تو (مضائقہ نہیں کہ) اس دن اس موقع پر قوت و توانائی کی ضرورت ہے۔ **ف** حنفیہ کا مذہب اس بارہ میں یہ ہے کہ اگر میدان عرفات میں روزہ رکھنے سے وقوف اور دعا میں دشواری اور کمزوری نہ ہو تو اس دن روزہ رکھنا اس جگہ بھی مستحب ہے اور دشواری اور کمزوری لاحق ہو تو مکروہ ہے **ف** حدیث ۵ سے یہ معلوم ہوا ہے کہ عرفہ اُسی دن ہے جسکو امام[5] عرفہ کا دن قرار دے اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر بعد میں اس دن کا دسویں ذی الحجہ ہونا معلوم ہو تو اس سے روزہ کا ثواب باطل نہ ہوگا نہ حج فاسد ہوگا۔ اسی طرح اگر کسی جگہ تیس رمضان کو مسلمانوں نے روزہ رکھا ہے

۵۸

---

[5] جہاں امام نہ ہو وہاں عام اہل اسلام امام کے قائم مقام ہیں یعنی ہر مقام کے مسلمان جس دن کو نو ذی الحجہ سمجھیں وہی عرفہ کا دن ہے ۱۲

اور دوسری جگہ اس دن عید ہے تو روزہ رکھنے والوں کا ثواب باطل نہوگا بلکہ اُن کے حق میں وہ دن رمضان کا دن ہے اور رمضان ہی کے روزہ کا اُن کو ثواب ملے گا کیونکہ وہ اپنے علم کے مکلف ہیں جب اُن کو انتیس تاریخ کو چاند نظر نہیں آیا تو اُن کے نزدیک دن رمضان ہی کا ہے تو خدا تعالی دوسروں کے حساب کیوجہہ سے اِن کا ثواب باطل نہ کریں گے البتہ اگر ان کے پاس کافی ثبوت شرعی طور پر پہونچ جائے کہ آج رمضان کی تیس نہیں بلکہ یکم شوال ہے تو اسوقت آنکو افطار کر دینا لازم ہے اب بھی روزہ رکھیں گے تو ثواب نہوگا بلکہ گناہ ہوگا۔ خوب سمجھ لو۔۱۲

ماہ محرم الحرام میں روزہ رکھنے کی ترغیب جو خدائی مہینہ ہے

(۱) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان کے روزہ کے بعد افضل روزہ خدائی مہینہ محرم کا روزہ ہے اور فرض نماز کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے (یعنی تہجد) اسکو مسلم نے روایت کیاہے اور یہ الفاظ اسی کے ہیں اور ابوداؤد و ترمذی و نسائی نے بھی روایت کیاہے اور ابن ماجہ نے نماز کے ذکر کو حذف کرکے روایت کیاہے۔

(۲) حضرت علی سے ایک شخص نے سوال کیاکہ رمضان کے بعد آپ مجھے کس مہینہ کے روزہ کا حکم دیتے ہیں فرمایا یہ سوال میں نے کسی کی زبان سے نہیں سنا بجز ایک شخص کے جسکو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے سامنے سوال کرتے ہوئے سنا۔ اس نے عرض کیا یارسول اللہ رمضان کے بعد آپ مجھے کس مہینہ میں روزہ رکھنے کا حکم دیتے ہیں فرمایا اگر تم رمضان کے بعد روزہ رکھنا چاہو تو محرم میں روزہ رکھو کیونکہ یہ اللہ کا (خاص) مہینہ ہے اس میں ایک دن ہے جس میں اللہ تعالے نے ایک قوم پر توجہ و عنایت فرمائی ہے اور اسی دن میں دوسری قوموں پر بھی توجہ و عنایت فرمائیں گے اسکو عبداللہ بن احمد نے امام احمد سے نہیں بلکہ دوسرے طریق سے

59

روایت کیا ہے اور ترمذی نے بھی روایت کیا ہے اور اس حدیث کو حسن غریب کہا ہے

(۳) جندب بن سفیانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ فرض نماز کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے (تہجد) اور رمضان کے بعد افضل روزہ اللہ کے مہینہ کا روزہ ہے جسکو تم محرم کہتے ہو اسکو نسائی اور طبرانی نے سند صحیح سے روایت کیا ہے۔

(۴) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص عرفہ کا روزہ رکھے اُس کے دو سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور جو محرم کے مہینہ میں کسی دن روزہ رکھے اُسکو ہر دن کے عوض تیس دن کا ثواب ملے گا اسکو طبرانی نے صغیر میں روایت کیا ہے اور یہ حدیث غریب ہے مگر اسکی سند میں کچھ بات نہیں (اس کے راوی) ہیثم بن حبیب کو ابن حبان نے ثقہ کہا ہے۔

یوم عاشوراء کے روزہ کی اور اس دن میں اہل و عیال پر وسعت کرنے کی ترغیب

(۱) ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عاشوراء کے روزہ کو دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ سال گذشتہ (کے گناہوں) کا کفارہ ہو جاتا ہے اسکو مسلم وغیرہ نے روایت کیا ہے اور ابن ماجہ کے الفاظ یہ ہیں کہ عاشوراء کے روزہ کے متعلق مجھے اللہ تعالیٰ سے امید یہ ہے کہ ایک سال پچھلے کا کفارہ ہو جاوے گا

(۲) ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشوراء کا روزہ رکھا۔ اور اس دن روزہ رکھنے کا حکم بھی دیا اسکو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے۔

(۳) ابن عباسؓ ہی سے روایت ہے کہ اُن سے عاشوراء کے روزہ کو دریافت کیا گیا تو فرمایا مجھے معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دنوں پر کسی دن کو فضیلت دیتے ہوں۔ بجز اس دن کے اور کسی مہینہ کو اور مہینوں پر فضیلت دیتے ہوں سوا اس مہینہ یعنی

رمضان کے اسکو مسلم نے روایت کیاہے۔

(۴) ابن عباسؓ ہی سے روایت ہے کہ رمضان کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی دن کو کسی دن پر فضیلت نہ دیتے تھے بجز عاشورار کے اسکو طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے اور اسکی سند ماقبل سے ملکر حسن ہے۔

(۵) ابن عباس ہی سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ کے بارہ میں کسی دن کو کسی دن پر فضیلت نہیں بجز ماہ رمضان اور یوم عاشورار کے (کہ ان کو اور ایام پر فوقیت ہے) اسکو طبرانی نے کبیر میں اور بیہقی نے روایت کیاہے اور طبرانی کے سب راوی ثقہ ہیں۔

(۶) ابو سعید خدری رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے عرفہ کا روزہ رکھا اُسکے ایک سال اگلے اور ایک سال پچھلے کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ اور جس نے عاشورار کا روزہ رکھا اُسکے ایک سال کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اسکو طبرانی نے سند حسن سے روایت کیاہے اور یہ حدیث پہلے بھی آچکی ہے۔

(۷) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے بال بچوں اور بیوی پر عاشورار کے دن میں وسعت کرے اللہ تعالیٰ سال بھر اُسپر وسعت کرے گا (مطلب یہ ہے کہ اس دن جو شخص اپنے اہل وعیال کے کھانے پینے پہننے میں فراغت کی ساتھ خرچ کرے اللہ تعالیٰ اُسکو سال بھر فراغت اور وسعت کے ساتھ رزق دیں گے) اسکو بیہقی وغیرہ نے چند طرق سے بہت سے صحابہ سے روایت کیا ہے اس کے بعد بیہقی نے کہا کہ یہ سندیں اگرچہ الگ الگ ضعیف ہیں مگر جب اُنکو باہم ملایا جائے تو قوت حاصل ہو جائے گی واللہ اعلم۔

ف اس حدیث میں بعض علمار نے کلام کیاہے مگر حافظ عراقی نے امالی میں فرمایا ہے کہ ابو ہریرہ کی حدیث چند طرق سے مروی ہے جن میں سے بعض طرق کو حافظ ابو الفضل ابن ناصر نے صحیح کہاہے اور جس راوی کو ابن الجوزی نے مجہول کہا ہے اُسکو ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیاہے۔ پس ایک روایت پر یہ حدیث حسن ہے اور ابو سعیدؓ کی حدیث کو اسحٰق بن راھویہ نے اپنے مسند میں اور بیہقی نے سنن میں عبداللہ بن نافع سے ایوب بن سلیمان بن مینا سے ایک شخص کے واسطہ سے حضرت ابو سعید

(خدری رضؓ) سے روایت کیا ہے حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اگر اس سند میں ایک راوی مبہم نہوتا
تو یہ سند جید تھی مگر اسکو طبرانی کی سند سے قوت ہوگئی کیونکہ طبرانی نے اسکو محمد بن عبد اللہ
ابن علی بن عبد الرحمٰن بن صعصعہ سے اُن کے باپ کے واسطہ سے حضرت ابو سعید سے
روایت کیا ہے اور اس کے سب راوی معروف ہیں مگر ایک راوی کو ابو حاتم نے اور ایک کو
ابو زرعہ نے ضعیف کہا ہے۔ حافظ عراقی فرماتے ہیں کہ بیہقی نے اس حدیث کو ابن
المنکدر کے واسطہ سے حضرت جابر سے بھی روایت کیا ہے اور اسکی سند کو ضعیف
کہا ہے مگر یہ سند شرط مسلم کے موافق بھی وارد ہوئی ہے جسکو حافظ ابن عبد البر نے استذکار
میں بیان کیا ہے اور ابو الزبیر کے واسطہ سے حضرت جابر سے اسکو روایت کیا ہے
بیہقی نے کہا ہے کہ یہ سندین اگرچہ ضعیف ہیں مگر سب کو ملانے سے قوت حاصل ہو جاتی
ہے باوجودیکہ بیہقی کو ابو الزبیر کی روایت پر اطلاع نہیں ہوئی جو کہ اِس حدیث کے تمام
طرق میں صحیح تر ہے اور یہ حدیث حضرت عمرؓ سے بھی موقوفاً وارد ہوئی ہے اسکو بھی ابن
عبد البر نے استذکار میں ایسی سند سے بیان کیا ہے۔ جس کے تمام راوی ثقہ ہیں صرف
سعید بن المسیب کے سماع میں حضرت عمر سے کلام ہے اور عبد اللہ بن عمر سے بھی یہ حدیث
مروی ہے اسکو دارقطنی نے افراد میں روایت کیا ہے حافظ عراقی فرماتے ہیں کہ میں نے
اِس حدیث کے طرق کو ایک جزو میں جمع کیا ہے انتہی کذا فی التعقبات علی الموضوعات
للسیوطی (ص۴۰ و ۴۱) پس ابن تیمیہ کا اِس حدیث سے انکار کرنا اور یہ کہنا کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے اِس بارہ میں کچھ مروی نہیں سراسر وہم ہے اور احمد بن حنبل نے
جو فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں اِس سے حسن لغیرہ کی نفی نہیں ہوتی اور حدیث حسن
لغیرہ بھی حجت ہے جیسا اصول حدیث میں ثابت ہو چکا ہے (ما ثبت بالسنہ ص۱۰ و ۱۸)

ف بعض علماء نے فرمایا ہے کہ ہم نے اس کا تجربہ کیا ہے بحمد اللہ ایسا ہی پایا۔ میں
کہتا ہوں کہ احقر نے بھی تجربہ کیا ہے کہ جس سال عاشوراء کے دن گھر کے خرچ میں
فراغت اور وسعت کی گئی سال بھر رزق میں فراغت اور وسعت حاصل ہوئی ومن شاء
فلیجرب ۱۲ مترجم

۶۲

شعبان کے روزہ کی ترغیب اور شعبان کی پندرہویں رات کی فضیلت اور یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان میں نفلی روزے رکھتے تھے

(۱) حضرت اسامہؓ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ میں دیکھتا ہوں کہ آپ کسی مہینہ میں (نفل) روزہ اسقدر نہیں رکھتے جتنا شعبان میں رکھتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگ رجب اور رمضان کے اس درمیانی مہینہ سے بہت غافل ہیں حالانکہ یہ مہینہ ایسا (معظم و مبارک) ہے کہ لوگوں کے اعمال اس میں اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیئے جاتے ہیں تو میں چاہتا ہوں کہ میرے اعمال اس حالت میں پیش کیئے جائیں کہ میں روزہ دار ہوں اسکو نسائی نے روایت کیا ہے۔

(۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (بعض دفعہ نفل) روزہ رکھتے رہتے اور افطار نکرتے یہاں تک کہ ہم یوں سمجھتے کہ اس سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں افطار کا ارادہ نہیں ہے پھر افطار کرتے اور روزہ نہ رکھتے یہاں تک کہ ہم یوں کہنے لگتے کہ اس سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں (نفل) روزہ رکھنے کا ارادہ نہیں اور آپ کو سب مہینوں سے زیادہ شعبان میں (نفل) روزہ رکھنا پسند تھا اسکو احمد و طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور ترمذی نے حضرت انس رضہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ رمضان کے بعد کس مہینہ کا روزہ افضل ہے فرمایا شعبان کا روزہ رمضان کی تعظیم کے لیئے۔ پھر سوال کیا گیا کہ صدقہ کون سا افضل ہے فرمایا رمضان کے مہینہ کا صدقہ بشرطیکہ اپنے پاس فراغت رکھکر صدقہ کیا جائے (یہ نہیں کہ سارا مال خیرات کرڈالے اور خود خالی ہاتھ رہ جائے) ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۶۳

ف شعبان کے روزہ کو رمضان کے روزوں سے وہ تعلق ہے جو فرض نماز سے پہلی سنتوں اور نفلوں کو فرض نماز سے تعلق ہے۔ اور اس تعلق کی حقیقت یہ ہے کہ فرض سے پہلے سنتیں اور نفلیں پڑھنے سے قلب کو نماز کی طرف توجہ ہو جاتی اور ظلمت اشتغال دنیا کم ہو جاتی ہے اس کے بعد جو فرض پڑھے جائیں گے تو انہیں دل اچھی طرح متوجہ ہوگا اسی طرح شعبان میں نفل روزہ رکھنے سے نفس کو روزہ سے مناسبت ہو جائے گی تو فرض روزہ اطمینان سے رکھا جائے گا کچھ گرانی نہ ہوگی۔

پھر جب فرض نماز اور نفل میں فصل مستحب ہے خواہ کلام سے ہو یا قیام سے یا تقدم وتاخر سے اور وصل مکروہ ہے اسی طرح شعبان کے روزہ کو رمضان سے ملا دینا مکروہ ہے بلکہ کچھ فصل ہونا چاہیئے والیہ الاشارۃ فی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتقدمن احدکم رمضان بصوم یوم او یومین الا ان یکون رجل کان یصوم صوما فلیصم ذلک الیوم اخرجہ الشیخان وللترمذی واحمد بلفظ الا ان یوافق ذلک صوما کان یصومہ احدکم اھ قال العینی وکان ابن عباس وابو ھریرۃ یامران بفصل یوما او یومین (بین شعبان ورمضان) کما استحبوا ان یفصلوا بین صلاۃ الفریضۃ والنافلۃ بکلام اوقیاما وتقدم او تاخر اھ ص۲۰ و ۲۱ ج۵ عمدۃ القاری)

اور آگے جو بعض احادیث میں آتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پورے شعبان کا روزہ رکھتے تھے اور بعض میں یہ بھی ہے کہ شعبان کے روزہ کو رمضان سے ملا دیتے تھے اس کا مطلب یہ ہے کہ قریب قریب پورے شعبان کا روزہ رکھتے اور گویا اسکو رمضان سے ملا دیتے تھے حکاہ الترمذی عن ابن المبارک۔ چنانچہ ان روایات کے مختلف الفاظ سے اس معنی کی تائید ہو جائے گی اور اس تاویل کی ضرورت اس لئے ہے کہ بخاری ومسلم کی ایک حدیث میں جو اوپر گذر چکی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان سے پہلے ایک یا دو دن کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ پس تمام روایات کو جمع کرنے سے یہی حاصل ہوا کہ شعبان کے روزہ کو رمضان سے ملانا نہ چاہیئے۔ ۱۲۔ مترجم۔

(باقی آئندہ)

تمام ہوئی اس وقت تک روزے موقوف نہ کیئے اور تماشا یہ کہ کسی کو روزہ رکھنے کی خبر بھی نہیں ہوئی
خدا جانے کتنے سال میں ہدایہ لکھا ہوگا برابر روزے رکھنا اور کسی کو خبر نہونا کس قدر خلوص
کی بات ہے مردانہ مکان میں بیٹھکر ہدایہ لکھتے تھے لونڈی مکان سے کھانا لاتی تھی اور رکھکر
چلی جاتی تھی جب کوئی ایسا مسافر سامنے سے گذرتا جس سے جان پہچان نہوتی تو اوسکو
وہ کھانا دیدیتے۔ لیکن چونکہ اپنے خاص خاص لوگوں سے پردہ نہیں ہوتا اس لئے
خدا تعالی کی نعمت ظاہر کرنے کے طور پر کبھی اپنے کسی خاص دوست سے یہ سب قصہ بیان
کیا ہوگا اس لئے نقل ہوتا ہوتا ہم تک پہونچا۔ پس جن حضرات کی عقل اور سمجھ اس خلوص
کی برکت سے نورانی تھی یہ انہیں کی رائے ہے کہ تنخواہ لینے میں برکتیں ہیں۔ پس
نفس ان مصلحتوں کے برباد کرنے کے لیے کبھی یہ رائے دیتا ہے کہ تنخواہ مت لو غرض
شیطان اور نفس ہر شخص کو اسی کے خیال کے موافق بہکاتا ہے اور دین کی سمجھ رکھنے
والا اسیلئے شیطان پر بھاری ہے کہ وہ اس کے مکروں سے واقف ہے اور دوسرں کو
خبردار کرتا ہے حدیث میں ہے کہ ایک شخص جو دین کی سمجھ رکھتا ہو وہ ہزار عبادت کرنے
والوں سے زیادہ شیطان پر بھاری ہے جو لوگ ذکر شغل کرتے ہیں ان کو نفسانی خواہش
کی پیروی میں اس طرح پھنساتا ہے کہ انہیں اس کی طلب میں لگاتا ہے کہ عبادت میں مزہ
آنے لگے اور شوق اور مستی کی حالت پیدا ہو جائے۔ خوب یاد رکھو ذکر سے مقصود خدا تعالی
کی نزدیکی اور رضامندی ہے اور جس کام میں مشقت زیادہ ہوگی اس میں خدا تعالی کی
زیادہ رضامندی ہوگی نفس نے اپنی جان بچانے کے لیے یہ حیلہ نکالا ہے کہ شوق اور مزہ
کے حاصل کرنے میں پڑ گیا کیونکہ شوق اور مزہ حاصل ہو جانے سے پھر عبادت میں مشقت نہیں
رہتی۔ ہاں شوق اور مزہ حاصل ہونیکا بھی ایک وقت ہے اس وقت خدا تعالی خود عنایت فرماوینگے
لیکن ابھی وقت نہیں آیا تو اسکی فکر فضول ہے کیونکہ خدا تعالی کی تجویز تمہاری رائے سے
بہتر ہے دیکھیئے ایک بیمار ہے اسکو حکیم صاحب نے خمیرہ گاؤزبان جواہر والا چاندی سونے کے
ورق میں لپیٹ کر کھانیکو بتلایا اور ایک دوسرے بیمار کے لیے املتاس لکھا اگر یہ دوسرا بیمار
کہنے لگے کہ حکیم صاحب بھی عجیب شخص ہیں اس کے واسطے ایسی مزہ دار خوش ذائقہ دوا

لگی اور میرے واسطے ایسی بدمزہ تو یہ احمق ہے یہ نہیں سمجھتا کہ اُس کے اندر سے مرض کا مادہ
نکل چکا ہے وہ املتاس کے پیالے پی چکا ہے اب اُس کے لیئے یہی مناسب ہے اور
میرے اندر ابھی مرض کا مادہ موجود ہے جو بغیر ایسی بدمزہ دواؤں کے نہ نکلے گا اس لیے
میرے لیئے یہی املتاس مناسب ہے اِسی طرح جو شخص شروع ہی کی حالت میں ہے وہ اگر ایسے شخص کی حرص
کرنے لگے جو اپنی اصلاح کر چکا ہے یہ تو اُسکی حماقت ہے عاشق کی تو یہ شان ہونی چاہیئے
کہ ہر حال میں راضی رہے خواہ بے لطفی کی حالت ہو کہ شوق اور مستی اور مزہ کا پتہ نہ ہو۔
خواہ لطف کی حالت ہو جس میں شوق اور مستی اور مزہ سب کچھ ہو دونوں حالتوں کو جھیلے
حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کون محبوب ہوگا۔ حضور پر پورے تین سال تک وحی
کے بند ہونے سے ایسی بے لطفی کی کیفیت رہی کہ بہت دفعہ آپ نے ارادہ کیا کہ اپنے
کو پہاڑ سے نیچے گرادیں۔ لیکن سنبھال لیئے جاتے تھے۔ پس اگر بے لطفی کی حالت خدا
کی ناراضی اور دوری کی علامت ہوتی تو حضور کو کیوں پیش آتی جب یہ حالت خدا تعالےٰ
سے دور ہونے کی علامت نہیں پھر اسپر کاہے کو پریشان ہو امام غزالی جب مدرسہ نظامیہ سے
فارغ ہو کر نکلے ہیں تو بہت بڑے مولوی ہوئے کہ تین سو مولوی آپ کے ساتھ چلتے تھے
ایک مدت تک سی حالت میں رہے اِس کے بعد خدا کی طلب کا جوش ہوا اور دل میں
آیا کہ سب چھوڑ کر تنہائی اختیار کریں تو ایک مدت تک آجکل پر ٹالتے رہے آخر ایک بار
سب چھوڑ چھاڑ کر بیت المقدس کے جنگل میں جا بیٹھے اور مدت تک عبادت میں محنت
اور مشقت کی اور دس برس تک ان پر بے لطفی کی حالت رہی کہ سوائے پوست اور
ہڈیوں کے کچھ باقی نہ رہا۔ مرنے کے قریب ہوگئے بعض آس پاس کے رہنے والے
انکی یہ حالت دیکھ کر کسی نصرانی ڈاکٹر کو بلا لائے اور انکی نبض دکھائی اس نے نبض دیکھکر
کہا کہ ان کو محبت کا مرض ہے اور محبت بھی مخلوق کی نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کی ہے جب تک
انکو وصل میسر نہ ہوگا آرام نہو گا۔ امام غزالی چیخ مار کر بیہوش ہوگئے۔ غرض مدتوں کی محنت اور
مشقت کے بعد کامل ہوئے اور پھر بغداد میں آئے تو اور ہی شان سے آئے کہ مولویوں
اور طالب علموں اور صوفیوں کے سب کے روحانی مرض بیان فرماتے تھے اسپر بعض مولوی

۲۲ امام غزالی کی بے لطفی کی حالت

دشمن ہو گئے اور کفر کا فتویٰ ان پر لگایا گیا اور ان کی کتاب جلائی گئی خدا کا شکر ہے کہ یہ سنت امام غزالی کی ہمکو بھی نصیب ہوئی کہ مجھ پر بھی کفر کا فتویٰ لگایا گیا اور میری کتاب بہشتی زیور جلائی گئی۔ حاصل یہ کہ کسی کے لیے شوق اور مزہ کی حالت مناسب ہے کسی کے لیے گھٹنا۔ اور پگھلنا ہی مصلحت ہے اِسی لئے ان خیالات کو چھوڑ کر کام میں لگنا چاہیے غرض کہ جسکو دیکھو نفسانی خواہش کی پیروی میں بتلا ہے عام لوگوں میں سے ہو یا خاص لوگوں میں البتہ ہر ایک کی نفسانی خواہش جدا جدا قسم کی ہے لیکن سب کے سب ان تین قسموں کے اندر داخل ہیں ایک نفسانی خواہش تو وہ ہے جو عقیدہ سے تعلق رکھتی ہو دوسری وہ ہے جو شریعت کے احکام کے اندر پائی جاتی ہے۔ تیسرے یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا برتاؤ جو ہمارے ساتھ ہے اُس میں ہم اپنی رائے ٹھونستے ہیں کہ یہ کام اِس طرح ہونا چاہیئے تھا۔ تو جو نفسانی خواہش عقیدہ سے تعلق رکھتی ہے اِس کا نام بدعت ہے جس کی اصلیت یہ ہے کہ جو بات دین کی نہیں ہے اسکو دین سمجھ لے اور بدعتیں بہت سی ہیں لیکن شب برات جو نزدیک آنیوالی ہے اُس کے متعلق کچھ بیان کیا جاتا ہے لوگوں نے شب برات میں کئی طرح کی بدعتیں گھڑ رکھی ہیں ایک تو یہ کہ حلوا پکانے کو ضروری سمجھتے ہیں۔ اور اُس کے متعلق طرح طرح کی روایتیں گھڑی ہیں بعض کہتے ہیں کہ حضور کا دانت شہید ہوا تھا اس میں حضور نے حلوا کھایا تھا اور بعض کہتے ہیں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ جب شہید ہوئے حضور نے حلوے پر ان کی فاتحہ دلائی تھی یہ دونوں روایتیں بالکل عقل کے خلاف ہیں کیونکہ یہ دونوں واقعے اُحد کی لڑائی میں ہوئے ہیں اور اُحد کی لڑائی شوال کے مہینہ میں ہوئی ہے اور شب برات شعبان کے مہینہ میں ہوتی ہے تو یہ روایتیں عقل کی بھی خلاف ہوئیں اور ویسے بھی بے اصل ہیں کسی معتبر کتاب میں ان کا پتہ نہیں بعضے کہتے ہیں کہ شب برات میں روحیں آتی ہیں لیکن ظاہر ہے کہ روحوں کا آنا دو طرح ثابت ہو سکتا ہے یا تو اونکو آتے ہوئے دیکھا ہو یا قرآن و حدیث سے معلوم کیا ہو سو ظاہر ہے کہ روحوں کو آتے ہوئے تو دیکھا نہیں رہا قرآن و حدیث سو اُس سے بھی کہیں ثابت نہیں بلکہ قرآن شریف سے تو اس کے خلاف یہ ثابت ہوتا ہے کہ روحیں یہاں نہیں آتیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جیسے ان کے

۲۳ شب برات کی بدعتوں کا بیان

ایک پردہ ہے قیامت تک کے لئے حاصل یہ ہے کہ روح اور اس جہان کے درمیان قیامت تک کے لیے ایک پردہ ہے جو اُسکو اس طرف نہیں آنے دیتا ہاں اگر کرامت کے طور پر بعض کو اجازت ہو جاوے تو وہ دوسری بات ہے جیسے شہیدوں کو اجازت ہوتی ہے تو یہ نادر بطور کرامت کے ہوگا لیکن کرامت ہمیشہ نہیں ہوا کرتی کبھی کبھی ہوا کرتی ہے اور نہ وہ کوئی اختیاری بات ہے اور جو اختیاری ہوتا ہے اُس کا نام تصرف ہے جیسے اپنے اختیار سے کسی کو لوٹ پوٹ کر دینا کسی کا مرض اُتار دینا وغیرہ وغیرہ اور کرامت کا ظاہر ہونا اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ کیونکہ اُس کی اصلیت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے کسی ولی کی عزت ظاہر کرنے کے لیے عادت کے خلاف کوئی کام کر دیں سو ظاہر ہے کہ یہ بندہ کے اختیار میں نہیں ہے اسی لیے بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ جس سے کرامت ظاہر ہوتی ہے اُسکو کرامت کی خبر تک نہیں ہوتی چنانچہ ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ کسی نے بادشاہ کے پاس اُنکی شکایت کر دی بادشاہ نے اُن کو بلایا۔ اور سوال وجواب شروع کیے بادشاہ جو سوال کرتا تھا وہ بزرگ بھی دلیری سے وہی سوال اُلٹ کر اُس سے کرتے تھے یہاں تک کہ آخر میں بادشاہ نے کہا کوئی ہے اِن بزرگ نے بھی فرمایا کوئی ہے اُسی وقت ایک شیر غراتا ہوا ایک کونے سے ظاہر ہوا بادشاہ اور سب لوگ بھاگے سب کے ساتھ یہ بزرگ بھی بھاگے جیسے موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ عصا کو ڈالدو اور ڈالنے سے اژدہا ہوگیا تو موسیٰ علیہ السلام خود ڈر گئے اگر اپنے اختیار کا کام ہوتا تو خوف نہ کرتے غرض کہ کرامت اختیاری نہیں ہوتی اور نہ اُسکو ہمیشگی ہوتی ہے اور تصرف جو اختیاری ہے وہ روحوں کے لیے کسی دلیل سے ثابت نہیں اور بلا دلیل کے کوئی عقیدہ رکھنا جائز نہیں بعض کا یہ عقیدہ ہے کہ اگر کوئی اس رات میں مردوں کو ثواب نہ بخشے تو روحیں کوستی ہوئی جاتی ہیں خوب یاد رکھنا چاہیئے کہ مردہ کو ثواب بخشنا نفل ہے فرض اور واجب نہیں ہے اور نفل کے چھوڑنے پر برا کہنا یا بددعا کرنا گناہ ہے اس عقیدہ سے ثابت ہوتا ہے کہ مردہ بھی گناہ کرتا ہے۔ حالانکہ مرنے کے بعد انسان گناہ نہیں کرسکتا غرض یہ سب باتیں بے اصل ہیں شب برات میں صرف تین باتیں حدیث سے ثابت ہیں اول یہ کہ اس رات میں قبرستان میں جا کر مردوں کے لیے دعا کریں اور اُنکو پڑھ کر

۲۴

بخشیں لیکن جماعت کے ساتھ نہ جانا چاہیئے بلکہ اپنے اپنے طور پر جاویں ویسے اتفاقیہ طور پر ساتھ ہو جاوے یہ دوسری بات ہے باقی خود اکٹھا ہو کر جانیکا انتظام نکریں اور حدیث شریف میں تو اس رات کے متعلق صرف اسیقدر آیا ہے مال کی خیرات کا ثواب بخشنا نہیں آیا لیکن چونکہ دعا کرنے اور قرآن شریف پڑھکر بخشنے سے مردہ کو ثواب پہونچانا مقصود ہے اور وہ مالی خیرات سے حاصل ہوتا ہے اس لئے اگر کچھہ کھانا ہی پکاکر مردہ کو ثواب بخشیں اور اوس میں حلوے وغیرہ کی قید نہ ہو تو کچھہ مضائقہ نہیں۔ دوسرے یہ کہ پندرھویں رات کو عبادت کریں تیسرے یہ کہ پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھیں اور یہ سب باتیں نفل ہیں جو حدیث سے ثابت ہیں واجب یا فرض نہیں اور باقی سب خرافات ہیں جسوقت یہ رسمیں نکالی گئی تہیں شاید ان میں اس وقت کوئی مصلحت ہو لیکن چونکہ اب ان کو ضروری سمجھنے لگے ہیں اور عقیدہ خراب ہو گیا ہے اس لیے اگر کوئی مصلحت بھی ہوتی تب بھی عقیدہ خراب ہونیکی وجہہ سے اس کا اعتبار نہ کیا جاتا کیونکہ شرع کا قاعدہ ہے کہ غیر ضروری کاموں سے اگر کوئی خرابی پیدا ہو تو اس کے دور کرنے کیلئے اُن کو چھوڑ دیتے ہیں اور مصلحت کا کچھہ اعتبار نہیں کرتے اس لئے اب رسموں کا چھوڑ دینا ضروری ہے اور اگر وہ بزرگ اسوقت زندہ ہوتے جنھوں نے ان رسموں کو جاری کیا ہے اور لوگوں کے عقیدہ کو دیکھتے تو وہ خود بھی انکو منع کرتے دیکھئے جو عادتیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کسی مصلحت سے تہیں اور دین کی ضروری باتوں میں سے نہ تہیں تو صحابہ نے اُن سے منع فرمایا جیسا عورتوں کا مسجدمیں آکر جماعت میں شریک ہونا کہ حضور کے زمانہ میں تو عام طور پر عورتیں مسجدوں میں جماعت میں آکر شریک ہوتی تہیں اور اُسوقت کوئی فتنہ وفساد نہ تہا پھر بعد میں صحابہ کے زمانہ میں جب فتنہ وفساد کا خوف ہوا تو عورتوں کو اس سے روکدیا گیا سو ہم بھی پہلے بزرگوں کی اِن رسموں کو اگر ردکدیں تو کیا حرج ہے عالموں کا یہی کام ہے کہ زمانہ کے رنگ اور ہوا کو دیکھتے ہیں زمانہ کے بدلنے سے اس قسم کے احکام جو کسی مصلحت کیوجہ سے جاری ہُوئے ہوں بدلتے رہتے ہیں نہ کہ تمام احکام۔ دیکھو بقراط حکیم کے مطب کے نسخے اگر کوئی حکیم آجکل برتے تو ہرگز نفع

25

نہ ہوگا بلکہ اور نقصان پہونچنے کا ڈر ہے بجربہ کار حکیم ہر مریض کے لیے وہ نسخہ لکھتا ہے جو اُس کے مزاج اور اوس وقت کی آب وہوا کے موافق ہو۔ مگر حکمت کے قاعدے اب بھی وہی ہیں جو پہلے حکیموں نے جمع کر دیئے ہیں حاصل یہ کہ حلوے اور آتش بازی وغیرہ سب خرافات ہے اس کے علاوہ مسور کی دال کو بھی ضروری کر رکھا ہے اُس روز مسور کی دال بھی ضرور پکتی ہے معلوم نہیں حلوے اور مسور کی دال کا کیا جوڑ ہے شب برات کے متعلق ایک اعتقاد بعض لوگوں کا یہ ہے کہ جو مردہ اس سال مرتا ہے وہ مردوں میں شامل نہیں ہوتا جب تک اُس کو شب برات سے ایک روز پہلے حلوا دیکر مردوں میں شامل نہ کیا جاوے اِس کا نام عرفہ رکھا ہے یہ سارے عقیدے مسجدوں کے ملانوں کے پھیلائے ہوئے ہیں انھوں نے ایسی ایسی باتیں نکالی ہیں جس میں آمدنی ہو ان ملانوں کی حرص اس قدر ہوتی ہے کہ ان کو جائز ناجائز کی بھی تمیز کچھ نہیں ہوتی ان کی بدنیتی اور حرص پر حکایت یاد آئی۔

۲۶ ایک بھانڈ نے دوسرے سے پوچھا سب سے بہتر فرقہ کون ہے اور سب سے بدتر کون ہے تو اُس نے جواب دیا کہ سب سے بہتر فرقہ تو ہمارا ہے ہمیشہ خوشی ہی مناتے ہیں کہ خدا کرے کسی کے ہاں شادی ہو اور ہماری پوچھ ہو اور سب سے بدتر فرقہ مسجد کے ملانوں کا ہے کہ ہمیشہ غمی مناتے ہیں کہ کوئی مرے تو ہم کو ملے واقعی اِس فرقہ کی یہی حالت ہے اگر موٹا سا آدمی بیمار ہوتا ہے اور اِن ملانوں سے کہا جائے کہ دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اسکو صحت دے تو ہرگز دل سے دعا نہ کریں گے بلکہ دل سے چاہیں گے کہ یہ مرے تو اچھا ہے تاکہ ہماری موچھیں تر ہوں۔ یہ شب برات کا حلوا اور محرم کا کھچڑا سب انہیں کھاؤ بھائیوں کا تراشا ہوا معلوم ہوتا ہے اسی لیے ثواب بخشنے میں ایسی بجتیں لگائی ہیں کہ بغیر ان کے کوئی کسی کو دے ہی نہ سکے جیسے کھانا پانی سامنے رکھ کر پنج آیت وغیرہ پڑھنا کہ عوام خود تو پڑھنا نہیں جانتے مجبور ہو کر ان ہی کو بلاویں گے تو حصہ بھی ضرور ملیگا اسیلیے میں کہا کرتا ہوں کہ جہاں بدعتوں سے منع کرنے میں لوگوں کو وحشت ہو اور ناخوش ہوں تو ایسے موقع پر یوں کہنا چاہیئے کہ تم سب کچھ کرو مگر ان ملانوں کو کچھ مت دو بلکہ ان سے

بعضی تکلیفیں کالی فال ہیں ...

بعضی چیز ...

محض اللہ واسطے مفت فاتحہ دلوایا کرو پھر دیکھہ لینا یہی لوگ بدعت کو منع کرنے لگیں گے کیونکہ ملنا ملانا تو کچھہ رہے گا نہیں اور فاتحہ کے لیے جگہ جگہ گھسیٹے جاویں گے تو بدعتیں خود چھوٹ جائیں گی ۔

دوسری قسم نفسانی خواہش کی یہ ہے کہ کوئی کام کسی بُری غرض کے لیے کیا جائے جیسے کوئی کام مال کی یا عزت اور مرتبہ کی غرض سے کیا جائے جیسا اوپر تفصیل کے ساتھ بیان ہوچکا ہے ۔ تیسری قسم یہ ہے جو کام اللہ کی قدرت سے ہوتے ہیں بارش ہونا یا نہ ہونا مفلس ہونا یا مالدار ہونا وغیرہ وغیرہ اُن میں اپنی رائے کو دخل دینا آجکل لوگ ان کاموں میں بھی اپنی نفسانی خواہش کے موافق رائے لگاتے ہیں جیسے کہا کرتے ہیں کہ بارش نہیں ہوئی ادب کی بات تو یہ ہے کہ دعا کریں گناہوں کو بخشوائیں اُن سے توبہ کریں یہ تو ہوتا نہیں بلکہ رائے لگایا کرتے ہیں کہ صاحب اگر ساون اتر گیا تو بس کھیتی گئی اُن سے کوئی پوچھے کہ یہ مشورہ کس کو سناتے ہو ہم کو سنانا تو بیکار ہے کوئی نفع ہی نہیں اس لیے کہ ہمارے قبضہ کی تو بات نہیں اور خدا تعالے کو بلا تمہارے کہے سب کچھہ معلوم ہے اس لئے اُن کو سُنانا مقصود نہیں تو بس یہ اعتراض ہوا اور خدا تعالے کو رائے دی کہ بارش ہونا چاہیئے یہ بڑی بے ادبی اور نہایت گستاخی ہے خدا تعالیٰ جیسے حاکم ہیں اُس کا تقاضا تو یہ تھا کہ اُن کے سامنے بلا اجازت دعا کرنا بھی جائز نہ ہوتا ۔ اعتراض کرنا اور رائے مشورہ دینا تو بڑی بات ہے انکی تو یہ شان ہے کہ وہ جو حکم کریں اُس کے سامنے کسیکو زبان ہلانے کی مجال نہیں خود فرماتے ہیں کہ اے رسول آپ) فرما دیجیے کہ خدا عیسیٰ علیہ السّلام اور اُن کی والدہ اور تمام دنیا بھر والوں کو ہلاک کرنا چاہیں تو ایسا کون شخص ہے جس کو اُن کے سامنے کچھہ بھی اختیار ہو اور اُن کو اس ارادے کے پورا کرنے سے روک سکے) اور آسمانوں اور زمین کی اور ان کی درمیانی چیزوں کی سلطنت خدا ہی کے لیے ہے ۔ اور بعضے تو ایسے دلیر ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص جوان مر جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ اسکی عمر تو مرنے کی نہ تھی کچھہ دنوں اور زندہ رہتا تو اچھا تھا ۔ دوسرے صاحب آتے ہیں وہ کہتے ہیں ارے میاں خدا کے سامنے

کسکو مجال ہے کہ کچہہ بولے یہ بات ویسے تو سچی ہے بیشک خدا کے سامنے کسی کو بولنے
کی مجال نہیں مگر ان جاہلوں کا مطلب تو اِس سے یہ ہوتا ہے کہ اس شخص کا مرنا ہے تو بیموقع
لیکن توبہ توبہ اگر خدا تعالےٰ بے موقع کام ہی کرے تو اُس کے سامنے کون دم مار سکتا ہو
گویا ان کے نزدیک خدا تعالےٰ کے یہاں بڑی بے انتظامی ہے مصلحت پر نظر نہیں
ہے کہ اس کے مرنے کے دن نہ تہے اسکو موت دیدی یاد رکھو کہ یہ نہایت ہی بے ادبی
اور گستاخی ہے حق تعالیٰ جو کچہہ کرتے ہیں وہی مصلحت ہے ایک بزرگ ایک جنگل میں
تنہائی اختیار کرکے بیٹھے تہے ایک روز بارش ہوئی وہ کہنے لگے کہ سبحان اللہ آج کیا
موقع پر بارش ہوئی ہے غیب سے آواز آئی او بے ادب اور بے موقع کس روز
ہوئی تہی دیکھئے بزرگوں کو ایسی تعریف پر ڈانٹا جاتا ہے جس میں بے ادبی کا ذرا شبہہ
ہی ہو۔ مگر ہم لوگ رات دن کھلم کھلا بے ادبیاں ہی کررہے ہیں غرض خدا تعالےٰ
جیسے حاکم ہیں اُس کا تقاضا تو یہ تہا کہ ہم کو دعا کی اجازت نہ ہوتی مگر ہماری کمزوری
کو دیکھہ کر دعا کی اجازت دیدی یہ انتہا درجہ کی رحمت ہے۔ دنیا کے بادشاہوں سے
بات کرنے میں لوگ سیکڑوں روپیہ خرچ کرڈالتے ہیں اور دنیا کے محبوبوں سے دو بات کرنے
کے لیے سب کچہہ دے بیٹھتے ہیں اور پہر بہی کامیاب نہیں ہوتے اور جو سب بادشاہوں
کے بادشاہ ہیں اور اصلی محبوب ہیں اُن کے یہاں نہ فیس ہے نہ کسی زبان کی قید ہے
کہ عربی ہو یا اُردو نہ وقت کی قید ہے نزدیک دور اندہیرے اجالے جس وقت چاہو
ہمکلام ہو اور دعا کرو اس سے زیادہ کیا رحمت ہوگی پہر دنیا کے بادشاہ اور محبوب زیادہ
بولنے سے ناخوش ہوجاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میاں کیوں جان کہائی اور جو اصلی حاکم
اور محبوب ہیں وہ دعا نہ کرنے سے ناراض ہوجاتے ہیں اور جو دعا زیادہ کرے اُس سے
زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ دعا میں اصرار کرنے والے کو محبوب
رکہتے ہیں۔ پس دعا بڑی نعمت ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی میسر ہوتی ہے

تیسرے حال یہ کہ نفسانی خواہش کی پیروی تین قسم کی ہے ایک تو بدعت ہے
دوسرے گناہ کے کام تیسرے خدا تعالیٰ کے کاموں میں رائے لگانا اور ہر نفسانی

۲۸

باقی آئندہ

نمبر ۵ - حدیث میں ہے کہ عید کے روز خاص طرق فرح و سرور پر حضرت عمرؓ نے انکار فرمایا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "ہذا عیدنا" اس سے صاف معلوم ہوا کہ برائے سے عید بنانا جائز نہیں ورنہ یہ تعلیل خاص نہ رہے گی۔ عید منقول کے ساتھ کیونکہ جس روز کو کوئی عید بنالے وہاں ہی یہ تعلیل جاری ہو جاویگی حالانکہ خاص ہونا تعلیل کا صاف ظاہر ہے اور عدم تخصیص سے الغاء کلام شارع لازم آویگا یہ تو دلائل کتاب و سنت سے ہیں۔

نمبر ۶ - امت کا اجماع کسی امر کے ترک پر یہ اجماع ہی جس سے استدلال کرنا خلفاً عن سلف منقول ہے چنانچہ ماہر اصول و فقہ پر مخفی نہیں جیسا عیدین میں اذان نہ ہونے کو اسی غرض سے نقل کیا گیا ہے اور جمعہ میں صلوٰۃ کی تقدیم کو خطبہ پر نظر انکار سے دیکھا گیا ہے۔ حنفیہ نے صلوٰۃ جنازہ کے عدم تکرار یا صلوٰۃ علی القبر کی نفی پر اسی سے استدلال کیا ہے کہ سلف نے نہیں کیا۔ یہی قصہ عید میلاد میں ہے کتاب و سنت کے بعد یہ اجماع ہو گیا۔

نمبر ۷ - علماء نے اپنی کتب میں اسی سے بحث بھی کی ہے کما فی تبعیں الشیطان وفی الصراط المستقیم۔ پس یہ شبہ بھی جاتا رہا کہ شاید تمہارے استدلال میں کوئی خدشہ ہو پس قیاس بھی اس پر دال ہو گیا۔ دوسرا مقام جواب ہے موجدین کے دلائل کا اور جو دلائل میں نقل کرتا ہوں میں نے اُن سے کہیں منقول نہیں دیکھے اور شاید اُن کے ذہن میں بھی نہ آئے ہوں مگر احتیاطاً تمام محتملات کا جہاں جہاں گنجایش محتمل تھی انسداد کئے دیتا ہوں۔

نمبر ۱ - یہ جو آیت میں نے پڑھی ہے اس میں احتمال ہے کہ شاید استدلال کر سکیں جواب ظاہر ہے کہ فرح کو کون منع کرتا ہے اس کی خاص ہیئت کو منع کرتے ہیں اور اس کا جزاء آیت میں منقول نہیں اگر ایسے کلیات سے استدلال ہو تو فقہاء کی تصریحاً منع کی ہوئی بدعات صلاۃ الرغائب وغیرہ سب جائز ہونگی کیونکہ کسی کلیہ میں تو وہ بھی داخل ہیں اور یہی ایک غلطی ہے اہل بدع میں کہ تامل نہیں کرتے کہ قضیہ ناہیہ میں موضوع اور ہے اور قضیہ مجوزہ میں اور پھر تناقض کہاں کہ ایک کے اثبات سے دوسرے کی نفی ہو جاوے اسکی نظیر الزنجی اسود والزنجی لیس باسود ہے بلکہ اگر غور سے کام لیا جاوے تو اس آیت پر ہم زیادہ عامل ہیں اسلئے کہ موجدین کا فرح تو متجدد ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ درمیان میں فرح نہ تھا پھر تازہ کیا ہے اور ہمارا فرح دائم ہے پس آیت

اُن کے خلاف ہوگی جو فرح کو منقطع سمجھتے ہوں یعنی اُس نعمت کا شکر ترک کر دیا ہو جسکو حق تعالیٰ نے لقد من اللہ الخ میں بھی ذکر فرمایا ہے اور اس آیت میں بھی فضل و رحمت کی سب سے بڑھکر فرد وجود باجود ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پس جو فرح کو منقطع کر چکے ہوں وہ آیت کے مخالف ہوں گے جیسے کہ جو فرح کو متجدد کرتے ہیں وہ دوسری آیت ناہیہ من الاتیان اع کے خلاف کرتے ہیں حاصل تقریر کا یہ ہے کہ اس فرح کی تحدید تو تفریط ہے اور اسکی تجدید بالہیم افراط ہے اور اسکی ادامت مطلوب ہو سو بحمد للہ تعالیٰ ہم اس نعمت ادامت سے مشرف کئے گئے ہیں نہ محدد ہیں نہ مجدد۔

نمبر ۲۔ ایک استدلال مشہور ہے کہ ابولہب نے ثویبہ کو آزاد کر دیا تھا اور اسکو تخفیف ہو گئی جواب اس کا بھی وہی ہے جو گذرا کہ نفس فرح کو کون منع کرتا ہے مگر اس سے قیود و خصوصیات یا تعیید کیسے ثابت ہوئی۔

نمبر ۳۔ شاید کوئی اس آیت سے استدلال کرے قال عیسیٰ ابن مریم اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیدا لاولنا و اخرنا الآیہ۔ کہ دیکھو اسمیں مصرح ہے کہ یوم عطائے نعمت کو عید بنانا تجویز کیا اور اصول میں مقرر ہے کہ اذا قص اللہ الخ اور اس پر یہاں انکار کیا نہیں گیا پس حجۃ ہمارے لئے بھی ہو جاوے گی جواب اسکے دو ہیں اول یہ کہ یہ ضرور نہیں کہ اُسی جگہہ انکار ہو شریعت میں کہیں بھی ہو کافی ہو چنانچہ سجدہ ملائکہ لآدم علیہ السلام و سجدہ والدین و اخوۃ یوسف علیہ السلام جس جگہ منقول ہو وہاں انکار نہیں اور پھر فقہائے نے سجدۂ تحیۃ للمخلوق کی حرمت ثابت کی ہے اور اس تعیید کے انکار کے دلائل شرعیہ اول منقول ہو چکے ہیں پس استدلال تام نہ ہوا دوسرا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں یوم نزول مائدہ کا عید بنانا مذکور ہی نہیں صرف مائدہ کیطرف ضمیر راجع ہے اور عید بمعنی سرور ہے یعنی وہ مائدہ ہمارے اول و آخر کیلئے مایہ سرور بنجاوے کہ اس نعمت پر دائماً فرحان و شادان و شاکر رہیں کما ذکر فی فضل اللہ و رحمتہ۔

نمبر ۴۔ بخاری میں قصہ ہے کہ ایک یہودی نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ اگر آیۃ اکملت ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس یوم کو عید بنا لیتے۔ جس کے جواب میں حضرت عمرؓ نے فرمایا نزلت یوم جمعۃ

وعرفة وکلاھما بحمد اللہ لنا عید اور طبری اور طبرانی میں یہ ہے وھما لنا عیدان اور ترمذی میں ہے کہ حضرت ابن عباس رض نے یہ جواب دیا نزلت فی یوم عید من یوم جمعة ویوم عرفة دیکھو ان دونوں حضرات نے تعیید پر انکار نہیں کیا بلکہ اسکو ثابت کیا کہ اُس روز ہماری بھی عید تھی اسکے بھی دو جواب ہیں ایک یہ کہ انکار اُسی جگہ ضرور نہیں جیساکہ مذکور ہوا دلائل شرعیہ انکار کے کافی ہیں چنانچہ ہماری فقہا سے تعریف پر انکار کہ وہ بھی ایک عید ہے اور حضرت عمر رض سے شجرہ حدیبیہ پر اجتماع کا انکار کہ وہ بھی مشابہ عید کے تھا منقول ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایسی تعیید کو جائز نہ سمجھتے تھے نیز حضرت ابن عباس رض کا قول صحیحین و سنن ترمذی و نسائی میں مروی ہے۔ لیس التحصیب شئ انما ھو منزل نزلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذا فی التعلیق الممجد حالانکہ تحصیب منقول بھی ہے لیکن صرف اتنی بات پر کہ کوئی شخص عادت کو عبادت سمجھ جاوے اُسکو لیس بشئ کہتے ہیں تو جو سرے سے منقول بھی نہو نہ کلیاً نہ جزئیاً اُسکو عبادت سمجھنا اُن کے نزدیک کسقدر قابل انکار ہوگا اور یہاں ہی سے معلوم ہوا کہ اُن سے جو تعریف مذکور نقل کیگئی ہے وہ روایت یا اِس علت سے جیر اُن کا فتویٰ تحصیب کے باب میں دال ہے معلول ہے یا ماؤل ہے قصد دعا بلا التزام و بلا تشبہ باہل عرفات کے ساتھہ دوسرا جواب یہ ہے کہ یہودی کو اس مسئلہ فرعیہ کے تبلانے کی حاجت نہ تھی کہ یہ تعیید کیسی ہے بلکہ اُسکو ایک خاص طرز پر جواب دیا کہ تو جو کہتا ہے کہ ایسی نعمت عظمیٰ میں عید نہیں ہوئی یہ غلط ہے ہم تو بہیے عید کرتے ہمارے یہاں پہلے سے عید ہے بلکہ اگر غور کیا جاوے تو اس سے بھی نکیر علی التعیید ثابت ہوتا ہے یعنی ہماری شریعت میں چونکہ ایسے اسباب سے عید کرنا درست نہ تھا اور اللہ تعالیٰ کو اسکے نزول کے یوم کو عید کرنا مقصود تھا اسلئے ایسے ہی دن نازل فرمایا کہ عید بھی ہوجاوے اور بدعت سے بھی بچے رہیں۔

نمبر ۵- ایک احتمال اس حدیث سے استدلال کرنے کا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دوشنبہ کے روز روزہ رکھتے تھے اور سوال کیا گیا تو آپنے فرمایا ذلک الیوم الذی ولدت فیہ اِس سے معلوم ہوا کہ یوم ولادت میں کچھہ قربات ادا کرنا مشروع ہے اور فرح و سرور یا اجتماع للذکر و تقسیم طعام یا شیرینی یہ سب قربات ہیں۔ پس یہ بھی مشروع ہوں گے جواب اسکے

دو ہیں۔ ایک یہ کہ حدیث میں ایک دوسری وجہ بھی منقول ہے وہ یہ کہ اس یوم میں اور خمیس میں
بھی اعمال پیش ہوتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ حالت صوم میں میرے اعمال پیش کیے جاویں
پس اس صورت میں احتمال ہو گیا کہ ذلک الیوم الذی ولدت فیہ علت نہ ہو بلکہ علت تو
عرض اعمال ہو اور وہ حکمت ہو اور حکمت کے ساتھ حکم دائر نہیں ہوتا دوسرے دو حال سے خالی
نہیں آیا یہ علت عام اور یہ حکم موافق قیاس کے ہے یا علت خاص اور حکم خلاف قیاس ہے
اگر شق اول ہے تو کیا وجہ کہ یوم الاثنین میں کہ یوم ولادت ہے نوافل اور تلاوت قرآن و اطعام
حضور صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ سے منقول نہیں باوجود توفر رغبت الی الخیر کے نیز ربیع الاول کی ۸ یا ۱۲ کہ
تاریخ ولادت ہے خود روزہ کیوں منقول نہیں نیز ولادت جیسی نعمت ہے بہت سی اور نعمتیں بھی
آپ کو عطا ہوئیں نبوت۔ ہجرت۔ فتح مکہ وغیرہا کے ساتھ کسی عبادت کو معلل کیوں نہیں فرمایا
پس معلوم ہوا کہ نہ علت عام ہے نہ حکم موافق قیاس کے ہے علت بھی خاص ہے اور حکم بھی خلاف
قیاس ہے اور اصل مدار اس کا وحی اور نقل ہے پس اس حالت میں قیاس کہاں جائز ہو گا خاصکر غیر مجتہد
کو جبکہ ایسے مقام پر مجتہد کو بھی جائز نہیں اگر کسیکو شبہ ہو کہ ہے تو موافق قیاس کے لیکن اور نعمتیں
فرع ہیں اور ولادت اصل ہے اس لیئے اُس روز قربات مشروع ہوئیں تو جواب اُس کا یہ ہے کہ
حمل ولادت کی بھی اصل ہے اُس تاریخ میں کوئی قربت کیوں نہیں مشروع ہوئی پھر یہ کہ دوسری
قربات آپ سے خود یوم ولادت یا تاریخ ولادت میں کیوں منقول نہیں علاوہ اس کے اگر
اس سے استدلال کیا جاوے تو حیرت ہے کہ یوم ولادت کہ یوم الاثنین ہے جو کہ حدیث
میں مذکور بھی ہے اس میں تو عید نہ کریں اور تاریخ ولادت جس میں کوئی چیز بھی حضور سے منقول
نہیں اُس میں عید کریں پس چاہیئے کہ ہر دوشنبہ کو وہی اہتمام کیا کریں جو ۱۲۔ ربیع الاول کو کیا
جاتا ہے یہ گفتگو تھی دلائل سمعیہ میں جانبین سے اب ہم اہلسنت کی طرف سے ایک عقلی دلیل
بھی بیان کرتے ہیں وہ یہ کہ شریعت میں ہر فعل کا ایک سبب خاص ہوتا ہے اور اس
سببیت اور مسببیت کی تین صورتیں شریعت میں پائی جاتی ہیں ایک یہ کہ سبب بھی
بار بار پایا جاتا ہے اور مسبب بھی بار بار پایا جاتا ہے جیسے اوقات صلوۃ صلوۃ کے لیئے
اور رمضان صوم کیلئے فطر صیام عید کے لیے یوم ضحی اضحیہ کیلئے دوسرے یہ کہ سبب بھی ایک ہی ہے

(باقی آئندہ)

ہوا کرتا ہے۔ اشارہ اوس حدیث کی طرف ہے جس کے الفاظ مشہور تو یہ ہیں کہ الشیخ فی قومہ کالنبی فی امتہ اور جامع صغیر نے اِس حدیث کی الفاظ دو طرح نقل کئے ہیں اور حدیث کو ضعیف کہا ہے ایک تو اِس طرح کہ الشیخ فی بیتہ کالنبی فی امتہ اور ایک اِس طرح کہ الشیخ فی اھلہ کالنبی فی امتہ اول تو یہ حدیث سنکر اسکو غلط اور موضوع ہی سمجھا کرتے تھے مگر چونکہ جامع صغیر نے نقل کیا ہے اگرچہ ضعیف ہی کہا ہے مگر خیر اب انکار نہیں ہوسکتا۔ تو مطلب یہ ہوگا کہ چونکہ بوڑھا آدمی اپنے اہل وعیال میں مربی ہوتا ہے۔ لہذا ایسا ہوتا ہے جیسے کہ نبی اپنی امت میں ہوتا ہے خیر غرض کہ ایک بزرگ بوڑھے پہلے زمانہ میں تھے

یک صباحے گفتش اہل بیت او ‌ ‌ ‌ سخت دل چونی بگو اے نیک خو

یعنی ایک روز اون کے گھر والوں نے اون سے کہا کہ اے نیک خصلت تم کیسے سخت دل ہو

ما ز ہجر و مرگ فرزندان تو ‌ ‌ ‌ نوحہ میداریم بالپشت دو تو

یعنی ہم تو تمہارے لڑکوں کے ہجر اور موت سے نوحہ کرتے ہیں کہ دوہرے ہو جاتے ہیں۔

تو نمی گریے نمے زاری چرا ‌ ‌ ‌ یا کہ رحمت نیستت در دل کیا

یعنی تم نہ روتے ہو اور نہ زاری کرتے ہو تو کیا اے دانا تمہارے دل میں رحم ہی نہیں ہے

چون ترا رحمے نباشد در درون ‌ ‌ ‌ پس چہ امید ست مان از تو کنون

یعنی جبکہ تمہارے دلمیں رحم ہی نہیں ہے تو پھر ہمکو تم سے اب کیا اُمید ہے۔

ما بہ امید تو ئیم اے پیشوا ‌ ‌ ‌ کہ نہ بگزاری تو مارا در عنا

یعنی اے پیشوا ہم تو اس امید میں ہیں کہ آپ ہمکو (قیامت کے روز) مصیبت میں نہ چھوڑیں گے ÷

چون بیارایند روز حشر تخت　خود شفیع ما توئی آن روز سخت

یعنی جبکہ حشر کے دن تخت سنواریں گے تو (ہمیں امید ہے کہ) خود آپ ہی اوس سخت دن میں ہمارے شفیع ہوں گے۔

در چنان روز و شب بے زینہار　با اکرام تو ئیم امیدوار

یعنی ایسے بے پناہ روز و شب میں ہم تو آپ ہی کے اکرام کے امیدوار ہیں۔

دست ما و دامن تست آن زمان　کہ نماند ہیچ مجرم را امان

یعنی اوسوقت آپ کا دامن ہوگا اور ہمارا ہاتھ ہوگا جسوقت کہ کسی مجرم کو امن نہ رہیگا (تو جب تمہارے دل میں رحم ہی نہیں ہے تو اب کیا امید ہے کہ شفاعت کروگے) اور یہ کہا

گفت پیغمبر کہ روز رستخیز　کے گذارم مجرمان را اشک ریز

یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن میں مجرموں کو روتا ہوا کب چھوڑوں گا۔ حدیث میں صاف ہے کہ شفاعتی لاھل الکبائر من امتی اور فرمایا ہے کہ

من شفیعِ عاصیان باشم بجان　تا رہانم شان ز اشکنجہ گران

یعنی میں جان و دل سے عاصیوں کا شفیع ہونگا تا کہ اونکو شکنجہ گراں سے چھڑاؤں۔

عاصیان و اہل کبائر را بجہد　وا رہانم از عتاب نقض عہد

یعنی عاصیوں اور اہل کبائر کو کوشش کر کے میں نقض عہد کے عتاب سے چھڑاؤں گا۔

۲۲۲

صالحان امتِ من فارغ اند
از شفاعتہائے من روز گزند

یعنی میری امت کے صالحین تو قیامت کے روز میری شفاعت سے فارغ ہوں گے۔

بلکہ ایشان را شفاعتہا بود
گفت شان چون حکم نافذ میرود

یعنی بلکہ خود اونکی ہی شفاعت ہوگی اور اونکی عرض حکم نافذ کی طرح چلے گی۔ صالحین کے لیے شفاعت نہونے کے یہ معنی ہیں کہ ایسی شفاعت جو منجی من النار ہو اون کے لیئے نہوگی باقی اہل حق کہتے ہیں کہ شفاعت اون کے لیے بھی ہوگی اور اس شفاعت سے ترقی درجات ہوگی اور وہ حضرات پیر خود بھی شفاعت فرماویں گے اور اونکی شفاعت بھی منجی من النار ہوگی اور حق تعالی اون کی عرض کو اس طرح مانیں گے جیسے کہ کوئی حاکم حکم کرے اور اوس کا حکم نافذ ہوجاتا ہے اور ٹلتا نہیں ہے اسی طرح ان حضرات کی شفاعت ایرگا نہوگی بلکہ حق تعالی ضرور قبول فرماویں گے آگے مولانا آیت لا تزر وازرۃ وزر اخری میں علاوہ تفسیر مشہور کے ایک اور نکتہ بیان فرماتے ہیں تفسیر مشہور تو یہ ہے کہ قیامت میں ایسا نہوگا کہ گناہ تو کرے زید اور اوسکی سزا عمرو بھگتے بلکہ اپنے اپنے اعمال کی سزائیں اور جزائیں سب کو الگ ملیں گی مولانا فرماتے ہیں کہ قرآن شریف میں جو یہ آیت ہے اس سے نکلتا ہے کوئی وازر کسی دوسرے کا وزر نہ اوٹھاویگا اور کسیکا بوجھ کسی پر پڑیگا اور بوجھ پڑنے کے معنی ذمہ داری کے بھی آتے ہیں بولتے ہیں کہ اوس نے اوس کا سارا بوجھ اوٹھار کہا ہے۔ یعنی اوسکی ساری ذمہ داری کر رکھی ہے تو اس سے یہ بھی نکلا کہ ایک شخص دوسرے کا ذمہ دار بھی نہوگا اور حالانکہ حضور ذمہ دار ہوں گے تو مولانا فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ حضور ذمہ دار تو ہوں گے اور سب کا بوجھ اپنے اوپر لے لینگے مگر اس بوجھ کے لینے سے خود حضور پر کوئی بات ہو یہ نہوگا۔ بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کسی قسم کا کوئی اثر نہوگا۔ اسلیئے کہ آیت میں تو یہ ہے کہ کوئی وازر دوسرے کا بوجھ نہ اوٹھاوے گا اور حضور خود وازر ہی نہیں ایسا بوجھ کہ جس کا اثر خود حضور صلی اللہ

۲۲۳

علیہ وسلم پر کوئی ہو نہ اُٹھاویں گے یعنی ایسا نہ ہو گا کہ جیسے عیسائی عیسے علیہ السلام کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ سب کی طرف سے کفارہ ہو گئے اون کا مطلب تو یہ ہے کہ سب کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام معذب ہوئے نعوذ باللہ اور بقول اون کے حضرت عیسے علیہ السلام اورونکو مقبول بنانیکو خود مردود بنے۔ اور ہم یہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مقبولیت اس درجہ ہے کہ خود مقبول رہے اور اورونکو بھی مقبول بنالیا خوب سمجھ لو۔ تو نہ ہم عیسے علیہ السلام کے اس طرح وازر ہونے قائل اور نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ بلکہ معنی یہہ ہوئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب کی ذمہ داری فرماویں گے اس طرح کہ آپ پر اون کے اوزار کا کوئی اثر نہو گا۔ اب اِس مضمون کو مولانا بیان فرماتے ہیں بزبان حضور مقبول صلی اللہ علیہ وسلم یعنی گویا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی فرما رہے ہیں کہ

ہیچ وازر وزر غیرے برنداشت من نیم وازر خدایم برفراشت

۲۲۴

یعنی کسی وازر نے دوسرے کا وزر نہیں اُٹھایا ہے اور میں وازر ہی نہیں ہوں خدا نے مجھے بلند فرمایا ہے مطلب یہ کہ میں وازر ہی نہیں تو میں اِس طرح کہ اوس وزر کا اثر کچھ مجھپر رہے میں کسیکا وزر نہ اوٹھاؤں گا اسلئے کہ آیت میں یہ ہے کہ وازر کوئی کسیکا وزر نہ اوٹھاویگا ہاں جو ذمہ داری ہو گی وہ اِس عموم میں داخل ہی نہیں ہے یہ ایک نکتہ ہے باقی اصل تفسیر وہی ہے جو مشہور ہے اسیلئے اوس کی توضیح اپنے نزدیک اچھی طرح کر دی گئی ہے تاکہ کوئی اسکو تفسیر نہ خیال کرے اور غلط بحث نہ ہو جاوے فافہم۔ آگے مولانا فرماتے ہیں کہ

آنکہ بے وزرست شیخ است اے جوان در قبولِ حق چو اندر کف کمان

یعنی جوکہ بے وزر (گناہ) ہے اے جوان وہی شیخ ہے اور قبول حق میں وہ مثل کمان کے ہے ہاتھ میں۔ مطلب یہہ کہ جس طرح ہاتھ میں کمان ہوتی ہے اسی طرح وہ شیخ بے وزر قبولِ حق میں ہے کہ جس طرح وہ چاہے اوسکو رکھے۔ اوسکو کچھ عذر نہیں ہے آگے شیخ کی تعیین فرماتے ہیں کہ:۔

شیخ کہ بود پیر یعنی مو سپید معنئ این مو بدان اے باامید

یعنی شیخ کون ہے بڈھا یعنی سفید بال والا (لیکن ذرا) اس بال کے معنی سمجھ لو اے باامید

ہست آن موئے سیہ ہستی او تا ز ہستیش نماند تار مو

یعنی موئے سیاہ سے مراد اوسکی ہستی ہے یہاں تک کہ اوسکی ہستی سے ایک تار مو نہ رہے۔

چونکہ ہستیش نماند پیر اوست گر سیہ مو باشد او یا خود دو موست

یعنی جب اوسکی ہستی نہ رہی تو وہ پیر ہوگیا اگرچہ وہ سیہ مو ہو یا اوس کے دو ہی بال ہوں مطلب یہ ہے کہ ہماری مراد بالوں سے ہستی ہے اور سیاہ بالوں سے مراد ہستی تاریک اور سفید بال سے مراد ہستی نورانی ہے تو اب ہم جو کہتے ہیں کہ شیخ سفید بال والا ہوتا ہے اس سے مقصود یہ ہے کہ شیخ وہ ہوتا ہے جسکی ہستی نورانی ہو چکی ہو۔ اور وہ درجہ فنا کا حاصل کر کے درجہ بقا باللہ حاصل کر چکا ہو۔ اگرچہ وہ ابھی بچہ ہی ہو شیخ شیرازی بھی اسی مضمونکو فرماتے ہیں کہ ع بزرگی بعقل ست نہ بہ سال آگے مولانا بھی اس مضمون کو بہت صاف کر کے فرماتے ہیں کہ۔

225

ہست آن موئے سیہ وصف بشر نیست آن مو موئے ریش و موئے سر

یعنی سیاہ بال وصف بشری ہے اور وہ ڈاڑہی یا سر کے بال (مراد) نہیں ہیں آگے ایک نظیر پیش فرماتے ہیں کہ دیکھو بچپن میں ہی وہ شیخ تھے فرماتے ہیں کہ۔

عیسے اندر مہد بردارد نفیر کہ جوان ناگشتہ ما شیخیم و پیر

یعنی عیسے علیہ السلام گہوارہ میں آواز بلند فرماتے ہیں کہ ہم بے جوان ہوئے

شیخ اور پیر ہیں جیسا کہ قرآن شریف میں ہے۔ قَالَ اِنِّی عَبْدُ اللّٰہِ اٰتَانِیَ الْکِتَابَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا وَّ جَعَلَنِیْ مُبَارَکًا اَیْنَمَا کُنْتُ وَاَوْصَانِیْ بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ مَا دُمْتُ حَیًّا تو دیکھو ابھی گہوارہ میں پڑے ہیں اور نبوت کا دعوے ہے تو اگر اوس سفیدی سے مراد بالوں کی سفیدی ہوتی تو یہاں کیا معنے ہوتے بس معلوم ہوا کہ باؤگی سفیدی سے مراد ہستی کا نورانی ہو جانا ہے اسمیں لوگوں نے اختلاف کیا ہے کہ آیا عیسے علیہ السلام بچپن میں نبی تھے یا نہ تھے بعض لوگ اس آیت میں تاویل کرتے ہیں مگر کیا ضرورت ہے کہ تاویل کیجاوے اسلئے کہ بچپن میں نبی ہونے کی صورت میں یہی اعتراض ہے کہ عقل کامل نہ تھی اور نبوت کیسے مل گئی اسلئے کہ نبی کی عقل تو کامل ہوتی ہے جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ حق تعالیٰ نے اوس عمر میں اونکی عقل کو کمال عطا فرما دیا ہو جیسا کہ یحیٰی علیہ السلام کو بچپن میں نبوت مل گئی تھی خود قرآن شریف میں موجود ہے ارشاد ہے واٰتیناہ الحکم صبیا۔ تو جس طرح اون کو بچپن میں مل گئی انکو اگر رضاعت کے زمانہ میں مل گئی ہو تو کیا عجب ہے آگے فرماتے ہیں کہ۔

۲۲۰
چون یکے موئے سیاہ کان وصف ماست   نیست بروئے شیخ و مقبول خداست

یعنی جبکہ ایک موئے سیاہ جو کہ ہمارے وصف میں سے ہے اوس میں نہیں ہے تو وہ مقبول خدا ہے مطلب یہ کہ اگر اوصاف بشری جو کہ مشابہ موئے سیاہ کے ہیں کسی میں نہوں بس وہی مقبول حق ہے چاہے اوس کے بدن کے سارے بال سیاہ ہی ہوں۔

چون بود مویش سفید ار با خود است   او نہ پیر است و نہ خاص ایزد است

یعنی اگر اوس کے بال (بدن کے) سفید ہوں تو اگر باخود ہے تو وہ نہ پیر ہے اور نہ خاص خدا ہے۔ مطلب یہ کہ جب اوس کے اندر اوصاف بشری اور شہوات موجود ہیں تو وہ اگرچہ سفید بال والا ہو اور اوسکی پلکیں اور بھویں سب سفید ہوگئی ہیں مگر وہ باخدا نہیں ہے بلکہ باخود ہی ہے اور فرماتے ہیں کہ

گر رهید از بعض اوصاف بشر شیخ نبود کہل باشد اے پسر

یعنی اگر بعض اوصاف بشری سے تو چھوٹ گیا (اور بعض اوسمیں موجود ہیں) تو صاحبزادے وہ شیخ نہیں ہے۔ بلکہ وہ ادھیڑ ہے یعنی وہ اس کے مثل ہے کہ جس کے کچھہ بال سفید ہوں اور کچھہ سیاہ ہوں

در یکے موز وصفش باقی است او نہ از عرش خدا آفاقی است

یعنی اور اگر ایک بال اوسکے وصف میں سے باقی ہے تو وہ عرش خدا سے نہیں ہے بلکہ آفاقی ہی ہے مطلب یہ کہ اگر اوسکو پوری طرح درجہ فنا حاصل نہیں ہے تو وہ مقرب حق اور خاص حق نہیں ہے بلکہ ابھی وہ ناسوت ہی میں پھنسا ہوا ہے۔ تو بس اس ساری تقریر سے معلوم ہوا کہ تمام صلحا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت فرمائیں گے۔ آگے پیر اون گہروالوں کا قول اون بزرگ سے نقل فرماتے ہیں کہ۔

۲۲۷

ما ہمہ امیدواران تو ایم ریزہ چین خوان احسان تو ایم

یعنی ہم سارے کے سارے آپ کے امیدوار ہیں اور آپ کے خوان احسان کے ریزہ چین ہیں یعنی آپ نیک ہیں صالح ہیں تو ہم سب کو امید ہے کہ آپ ہماری شفاعت کریں گے ؛

لیک با این جملہ چون بے شفقتے بہر فرزندان چرا بے رقتے

یعنی لیکن باوجود ان سب باتوں کے آپ بے شفقت کیوں ہیں اور اپنے صاحبزادوں کے لیے بے رقت کیوں ہیں مطلب یہ کہ آخر آپ کو رونا کیوں نہیں آتا۔ حالانکہ آپ ایسے بزرگ ہیں نیک ہیں صالح ہیں۔

یا مگر خود دل نمی سوزد ترا۔ باز گو اے شیخ ما را ماجرا

یعنی یا کہ شاید آپ کے دلمیں سوزش ہی نہیں ہوتی اے شیخ ہم سے کچھہ بات تو بیان کرو مطلب یہ کہ آیا آپ کے قلب میں شفقت و رحم ہی نہیں ہے یا یہ کہ آپ کے دلمیں سوزش ہی نہیں ہوتی۔ آخر کچھہ کہو تو آگے وہ شیخ جواب دیتے ہیں کہ

شیخ گفت او را مپندار اے رفیق	کہ ندارم رحم و مہر دل شفیق
بر ہمہ کفار مارا رحمت است	گرچہ جانِ جملہ کافر نعمت است
بر سگانم رحمت و بخشایش است	کہ چرا از سنگہا شان مالش است
آن سگے کہ مے گزد گویم دعا	کہ ازین خو وارہانش اے خدا
این سگان را ہم درین اندیشہ دار	کہ نباشد از خلائق سنگسار
زان بیاورد اولیا را بر زمین	تا کند شان رحمۃ للعالمین
خلق را خواند سوئے درگاہ خاص	حق را خواند کہ وافر کن خلاص

۲۲۸

(باقی آئندہ)

والحارث بن ابی اسامة
وابن ابی الدنیا والعسکری
واخرون من جهة
یوسف بن عطیة عن
ثابت عن انس مرفوعًا
بلفظ فاحبهم الی الله
انفعهم لعیاله
وهو عند الدیلمی
من حدیث
بشیر بن رافع
عن یحیی بن ابی
کثیر عن ابن سلمة
عن ابی هریرة رفعه
بلفظ الخلق کلهم
عیال الله وتحت کنفه
فاحب الخلق الی الله من
احسن الی عیاله وخرج
هذا الکلام کما قاله
العسکری علی المجاز و
التوسع کان الله لما کان
المتضمن بارزاق

حارث بن ابی اسامہ اور ابن ابی الدنیا اور
عسکری نے اور بھی بعضوں نے یوسف
ابن عطیہ کی جہت سے روایت کیا ہے وہ
ثابت سے روایت کرتے ہیں
اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے
مرفوعًا ان لفظوں سے کہ سب میں زیادہ
محبوب اللہ تعالی کے نزدیک وہ شخص
ہے جو اسکی عیال کو سب سے زیادہ نفع پہونچا
وے اور یہ حدیث دیلمی کے نزدیک بشیر
ابن رافع کی روایت سے اور وہ یحی بن
کثیر سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابن سلمہ
سے اور وہ ابی ہریرہ سے جنہوں نے
اسکو مرفوع کیا ہے ان الفاظ سے ہے
کہ خلق اللہ سب اللہ کی عیال ہے اور اسکی
حفاظت (اور ذمہ داری) میں ہیں (یہ بمنزلہ
تفسیر عیال کے ہے) پس سب سے زیادہ
محبوب مخلوق میں اللہ تعالی کے نزدیک
وہ ہے جو اوسکی عیال کے ساتھ احسان
کرے اور اس کلام کا محمل جیسا عسکری
نے کہا ہے مجاز اور توسع پر ہے گویا جب
اللہ تعالی بندوں کے رزق کا ضامن اور

۸۱

العباد الكافل لهم كان
الخلق كالعيال له
ف وعبر عن معنى
العيال العارف
الرومي بلفظ الاطفال
فى قوله۔
اولیا اطفال حقند ای پسر
وهو على المجاز ايضا بجامع
التربية الجسمانية للخلق
كلهم والروحانية للاولياء
خاصة والنفع عام للدنيوي
والديني وهو كالامر
الطبعي لاهل الله ينفعون
الناس المؤمن منهم والكافر
بل الدواب والانعام بما يحتاجون
اليه دنيويا كان او دينيا
بعد الاذن الشرعي ويحضون
غيرهم عليه ويعدونه افضل
الاعمال كما قال الشيرازى
طريقت بجز خدمت خلق نيست
به تسبيح وسجاده ودلق نيست

کفیل (یعنی ذمہ دار) ہے تو مخلوق
مثل اوسکی عیال کے ہوئی ف اور اسی
معنی کو مولانا رومی نے لفظ اطفال سے
تعبیر کیا ہے اپنے اس قول میں ع
اولیا اطفال حقند اے پسر
غائبی و حاضری بس باخبر
اور یہ بھی مجاز ہی پر محمول ہے (بطور تشبیہ کے)
اور وجہ جامع (تشبیہ کی) تربیت ہے
جسمانی تو کل مخلوق کے لیے اور روحانی
خاص اولیاء کے لیے اور نفع عام ہے
دنیوی ہو یا دینی اور یہ خصلت (نفع رسانی
مخلوق) اہل اللہ کے لیے مثل امر طبعی کے
ہے وہ آدمیوں کو بھی نفع پہونچاتے ہیں
مومن کو بھی کافر کو بھی بلکہ مواشی اور بہائم
کو بھی اون کے حوائج میں خواہ وہ حاجت
دنیوی ہو یا دینی ہو مگر اذن شرعی کے
بعد اور دوسروں کو بھی اسکی ترغیب
دیتے ہیں اور اسکو افضل الاعمال شمار
کرتے ہیں جیسا شیخ شیرازی فرماتے ہیں ع
طریقت بجز خدمت خلق نیست
بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

وهم فی هذا کلها
آخذون بالحديث و
دخل فی الاذن الشرعی
اذن الشیوخ للمبتدئين
من اهل الطريق
فلابد لهم من اذن
الشيوخ لانهم هم
العارفون بالحدود
الشرعية المبصرون
بالوساوس النفسانية
فيما صورته
طاعة الٰهية
ومعناه طاعة
نفسانية فتعقل
ولا تعجل۔

(یعنی سے طریقت فقط خدمت خلق ہے
نہ تسبیح وسجادہ ودلق ہے)

اور یہ حضرات ان سب امور میں حدیث
پر عمل کرنے والے ہیں اور اذن شرعی (کی
جو اوپر قید لگائی ہے اس) میں مبتدی
صاحب طریق کے لیے شیوخ کی اجازت
بھی داخل ہوگئی سو ان کے لیے اذن شیوخ
کی بھی ضرورت ہے کیونکہ حدود شرعیہ
کو شیوخ ہی جانتے ہیں اور وساوس نفسانیہ
کی ان ہی کو بصیرت حاصل ہے جو ایسے
اعمال میں مل جاتے ہیں جنکی صورت تو
طاعت خداوندی ہوتی ہے اور انکی
حقیقت طاعت نفس ہوتی ہے خوب
سمجھ لو اور (اپنی رائے پر عمل کرنے میں)
جلدی مت کرو۔

الحديث خير الامور
اوسطها ابن السمعانی فی ذيل
تاریخ بغداد بسند مجهول عن
علی مرفوعا به وهو عند
ابن جرير فی التفسير من قول مطرف
ابن عبد الله ویزید بن

حدیث سب امور میں افضل اوساط ہیں
روایت کیا اسکو سمعانی نے ذیل تاریخ
بغداد میں سند مجہول کے ساتھ حضرت
علیؓ سے مرفوعاً ان ہی الفاظ سے اور یہ
حدیث ابن جریر کے نزدیک اسکی
تفسیر میں مطرف بن عبداللہ اور یزید بن

ملفوظ ۱۱ افعال

مرة الجعفی وکذا
اخرجہ البیہقی
عن مطرف والدیلمی
بلا سند عن ابن
عباس مرفوعاً
خیرالاعمال اوسطہا وتشہد
بھذا الکلم لم یسرفوا ولم
یقتروا وکان بین
ذلک قواما وغیرہ من الآیات
والاحادیث **ف** ویدور
تربیة المحققین
علی ھذا المحور

الحدیث خیرالذکر
الخفی وخیرالرزق مایکفی
ابویعلی والعسکری من
حدیث محمد بن عبدالرحمن
ابن ابی لبابة
عن سعد بن ابی وقاص
رفعہ بھذا وصححہ
ابن حبان وابوعوانة
والمعنی ان اخفاء العمل

مرہ جعفی کا قول ہے اور اسیطرح بیہقی نے مطرف
سے نقل کیا ہے اور دیلمی نے بلا سند ابن
عباس سے مرفوعاً ان الفاظ سے نقل کیا
ہے کہ سب اعمال میں افضل اوسط ہے
اور (یہ روایتیں اگرچہ ضعیف ہیں لیکن
مضمون صحیح ہے کیونکہ) اس سب (مضمون)
کی شہادت حق تعالیٰ کا ارشاد دیتا ہے
کہ وہ لوگ نہ اسراف کرتے ہیں اور نہ تنگی
کرتے ہیں اور ان کا خرچ کرنا ان کے
درمیان اعتدال پر ہوتا ہے (اور اوسکے
علاوہ اور آیات واحادیث ہیں) **ف**
محققین کی تربیت کا اسی اصل پر مدار ہے

حدیث۔ سب سے افضل ذکر وہ ہے
جو خفی ہو اور سب سے افضل رزق وہ ہے
جو کافی ہو جاوے روایت کیا اسکو
ابویعلی اور عسکری نے محمد بن عبدالرحمن
ابن ابی لبابہ کی روایت سے اونہوں نے
سعد بن ابی وقاص سے اور اونہوں نے
مرفوع کیا ہے ان ہی لفظوں سے
اور تصحیح کی اسکی ابن حبان اور ابوعوانہ
نے اور مطلب اس کا یہ ہے کہ عمل کا اخفا کرنا

(باقی آیندہ)

(۱۲) **حکایت** میرے بہائی ریل میں سوار تہے اور ایک تفسیر اون کے ہاتہہ میں تہی جو کہ ٹائپ کے چہاپے کی چہپی ہوئی تہی ایک صاحب بہادر بہی اسی درجہ میں سوار تہے بہائی سے کہنے لگے کہ میں اِس کتاب کو دیکھہ سکتا ہوں اونہوں نے کہا کہ دیکھئے آپ نے تفسیر اوٹہا کر دیکھی اول ہی الٓرٓ نکلا صاحب بہادر نے بہت دیر تک اسکو سوچا جب سمجہہ میں نہ آیا تو بہائی سے پوچہتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ آلو بہائی نے تفسیر ہاتہہ سے لیلی اور کہا کہ یہ آپ کے دیکہنے کی نہیں ہے۔ اب میں کہتا ہوں کہ اپنی اِس تجویز پر اِس روز بد کو سوچکر دیکھئے کہ جبکہ آپ بہی اِس انگریزی داں کی طرح الٓرٓ کو آلو پڑہنے لگیں گے واللہ جب تک کسی پڑہے ہوئے سے نہ پڑہا جائے ممکن ہی نہیں کہ الٓرٓ یا اس کے مثل دوسرے الفاظ کو صحیح پڑہ دیا جائے آخر یہ کس طرح معلوم ہوگا کہ تلفظ میں **الف لام را** علٰحدہ علٰحدہ پڑہے جائیں گے اور اگر کوئی کہے کہ اس کے صحیح پڑہنے کی ضرورت ہی کیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایسے لوگوں سے جو اس حد تک پہونچ چکے ہیں اسوقت ہماری گفتگو نہیں۔

(۱۳) **حکایت**۔ میرے ایک دوست بردوان کے رہنے والے ہیں اونہوں نے تین ماہ سے بہی کم میں قرآن حفظ کر لیا تہا۔ ایک اور میرے دوست نے اپنے پیر یعنے میرے اوستاد کو خواب میں دیکہا کہ اونہوں نے اونکو اپنے سینہ سے لگایا اور ان کے سینہ میں ایک نور داخل ہوا اونہوں نے ایک معبر سے بیان کیا اونہوں نے تعبیر دی کہ تمکو قرآن حفظ ہو جائیگا چنانچہ اونہوں نے یاد کرنا شروع کیا سو چہہ ماہ میں اچہا خاصہ یاد ہو گیا ایک اور قصہ یاد آیا ایک وعظ مظفر نگر میں وعظ کہہ رہے تہے ایک آیت میں قصداً رُکے اور حاضرین سے خطاب کیا کہ اس مجلس میں جتنے حافظ ہوں کہڑے ہو جائیں تاکہ میں اُن سے یہ آیت پوچہ سکوں اسکو سنکر ایک جماعت کثیر کہڑی ہو گئی اونہوں نے کہا کہ صاحبو! مجہکو آیت یاد ہے میں نے صرف یہ دکہلانا چاہا کہ مسلمانوں کے اِس اتفاقی اور مختصر مجمع میں جہاں خاص حفاظ ہی کو جمع نہیں کیا گیا ایسی تعداد کے مذہبی کتاب کے برزبان یاد رکہنے والے موجود ہیں کیا دوسری کوئی قوم قصداً جمع کر کے اسقدر تعداد اپنی مذہبی کتاب کے حافظوں کی دکہلا سکتی ہے غرض قرآن مجید بہت سہولت سے یاد ہوتا ہے۔

(۱۴) **حکایت** مولوی منفعت علی صاحب سلمہ سے ایک شخص نے کہا کہ کیا وجہ علماء میں اب رازیؒ و غزالیؒ پیدا نہیں ہوتے اونہوں نے کہا کہ اُسوقت انتخاب کا قاعدہ یہ تھا کہ قوم میں جو سب سے ذہین اور ذکی ہو وہ علوم دین کے لیئے منتخب ہوتا تھا اور اب انتخاب کا قاعدہ یہہ ہے کہ جو سب میں زیادہ احمق اور غبی ہو وہ اسکے لیے تجویز ہوتا ہے اور دلیل اسکی یہہ ہے کہ اب بھی جو ذہین و ذکی پڑھتے ہیں وہ غزالیؒ اور رازیؒ سے کم نہیں ہوتے میرے ساتھ چلو اور علماء کی حالت دیکھو تو معلوم ہو جائیگا کہ اس وقت بھی غزالیؒ اور رازیؒ سے موجود ہیں اور ہر زمانہ میں پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن عدد میں کم ضرور ہیں اور وجہ اسکی یہی ہے کہ جو لوگ قابل ہیں وہ تو ادھر متوجہ نہیں ہوتے ورنہ میں سچ کہتا ہوں کہ اگر بیس آدمی ایسے پڑھیں تو اونمیں پندرہ ضرور غزالیؒ اور رازیؒ نکلیں گے اب بیچارے غریب غربا جولاہے دھنے پڑھتے ہیں اون کی جیسی سمجھ ہوتی ہے ویسے ہی نکلتے ہیں اور یہ ہو نہیں سکتا کہ غریب غربا کے بچوں کو نہ پڑھایا جائے کیونکہ امرا نے خود چھوڑا اور اُن سے ہم چھڑا دیں تو پھر علم دین کسکو پڑھائیں نیز غریب غربا کیا کریں انگریزی پڑھ نہیں سکتے کیونکہ اسکی تعلیم نہایت گراں ہے اور عربی ہم نہ پڑھائیں تو بیچارے تو بالکل ہی کورے رہے اور واقعی علم دین ایسی عجیب چیز ہے کہ اس میں محنت بھی کم اور خرچ بھی کم بخلاف انگریزی کے (ایضاً صلا۲ سہ)

(۱۵) **حکایت**۔ میرے سب سے چھوٹے بھائی ٹریننگ پاس کرنے مرادآباد میں گئے وہاں انکی ذہانت کی یہہ حالت تھی کہ تمام لوگ متحیر تھے حتے کہ اُن کے ماسٹر بھی ان کی ذہانت سے عاجز تھے۔ ایکدفعہ یہ واقعہ ہوا کہ رمضان المبارک کا زمانہ قریب آگیا اور ٹریننگ کے لڑکوں نے چاہا کہ کسی حافظ کو بلا کر ایک قرآن سنیں پرنسپل سے پوچھا تو جواب ملا کہ یہ امر جدید ہے اجازت نہیں ہوسکتی بھائی نے کہا کہ اگر قدیم ہوتا تو اجازت ملجاتی کہا گیا کہ ہاں۔ بھائی نے کہا کہ آپ کے قاعدے سے تو لازم آتا ہے کہ کبھی کوئی امر قدیم پایا ہی نہ جائے کیونکہ ہر امر قدیم کسی وقت جدید تھا اور جدید ہونا مانع اجازت ہے

ملا اُس وقت مولوی صاحب مرحوم حیات تھے ۱۲ منہ

جب اسکی اجازت نہوگی تو وہ قدیم کیسے بن سکیگا۔ پرنسپل حیران رہ گیا آخر انہوں نے
کہا کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دارومدار اجازت کا قدیم ہونے پر نہیں ہے بلکہ اس پر ہے
کہ اسمیں کوئی مفسدہ نہ ہو تو اس میں کیا مفسدہ ہے پرنسپل نے اجازت دیدی یہ محض عربی کی
کی استعداد کی بدولت تہا کیونکہ اسمیں احتمال آفرینی کی استعداد ہوجاتی ہے (الیضاً ص ۳۰)

(۱۶) **حکایت**۔ میں جس زمانہ میں کانپور میں پڑھاتا تھا ایک روز حسب معمول
بیٹھا پڑھا رہا تھا کہ ایک نائب تحصیلدار آئے اور اپنے لڑکے کی تعلیم کے لیے ایک استاد
کی ضرورت ظاہر کی اسوقت جو طالب علم مجہہ سے پڑھ رہے تہے میں نے عربی
زبان میں ان سے دریافت کیا تا کہ یہ نہ سمجھیں میری گفتگو شروع کرتے ہی وہ کہنے
لگے کہ جناب کے عربی میں گفتگو کرنے سے یہ معلوم ہوا کہ اس وقت کی گفتگو
کو مجہہ سے پوشیدہ کرنا منظور ہے۔ لیکن میں عربی سے واقف ہوں اس لئے بہتر
یہہ ہے کہ میں یہاں سے اٹھ جاؤں ان کے اس کہنے سے مجھے بیحد شرمندگی
ہوئی اور یہہ خیال ہوا کہ اللہ اکبر میں نے تو ان کے ساتھ کیا برتاؤ کیا اور انہوں
نے میرے ساتھ کیا برتاؤ کیا۔ آخر میں نے ان سے کہا کہ جناب یہ میری غلطی تہی
واقع میں کوئی پوشیدہ بات نہ تہی اب میں اردو میں گفتگو کرتا ہوں۔ اب میں دو باتیں
اس کے متعلق پوچہنا چاہتا ہوں اول تو یہہ کہ کیا بدون علم دین کے اثر پیدا ہوسکتا ہے
سو ظاہر ہے کہ ہرگز نہیں ہوسکتا دوسری بات یہ پوچہتا ہوں کہ آیا یہ اثر نہایت ضروری
ہے یا نہیں ظاہر ہے کہ نہایت ضروری ہے کیونکہ ہم کو باہم جائز نہیں کہ ہم کسی کے
اسرار پر مطلع ہوں غرض تہذیب؎ اخلاق تعلیم انگریزی ہر ایک کے لیے علم دین کی
ضرورت ہے (الیضاً ص ۳۱)

(۱۷) **مثال** اگر کسی عمدہ بازار میں کسی مفلس کو بہیجدیا جاوے تو اسکو انتہائی
پراگندگی ہوگی جدہر نظر پڑے گی اچھی اچھی قیمتی چیزیں نظر آئیں گی، اور ساتہ ہی

؎ مطلب یہہ ہے کہ بدون علم دین تہذیب، اخلاق، نہیں ہوسکتی اور ایسے ہی تعلیم
انگریزی بہی بدون علم دین مفید نہیں ۱۲ منہ

ساتھ اپنا افلاس اور تہیدستی بھی یاد آوے گی اسلیئے حسرت بھی بڑھتی جائیگی بالخصوص جبکہ بازار جاتے وقت اِس سے کہا گیا ہو۔ کہ کچھ نقد لیتے جاؤ اور وہ چھوڑ کر چلا گیا ہو۔ بس یہی حالت میدان قیامت میں اِن لوگوں کی ہوگی اور وہ ایسا وقت ہوگا کہ سوائے اِس سکہ کے اور کوئی سکہ کام نہ دیگا۔ کیونکہ کوئی چیز یہاں سے ساتھ ہی نہ جائیگی۔ (الیضاً صـ۳۹ سـ۲)

(۱۸) اسکولوں میں لڑکوں کو اقلیدس پڑھائی جاتی ہے بعض لڑکوں میں ایک ہی بمشکل ایسا ہوتا ہوگا کہ مسائل اقلیدس کو سمجھ سکے لیکن امتحان کے زمانہ میں بغیر سمجھے ہی اسکو رٹ لیتے ہیں اور اسی کی بدولت پاس ہو جاتے ہیں اِس سے معلوم ہوا کہ بغیر سمجھے محض رٹ لینا بھی مفید ہے (ایضاً صـ۲ سـ۱)

(۱۹) **مثال**۔ ایک مریض کسی طبیب کے پاس آوے اور اپنی حالت بیان کر کے حکیم سے کہے کہ میں آپ کے پاس تو رہ نہیں سکتا ہاں وقتاً فوقتاً آکر آپ کو اپنی حالت کی اطلاع کر سکتا ہوں آپ میری حالت کے مناسب کئی نسخے مجھے لکھدیجئے جوں جوں میری حالت متغیر ہوتی جاوے اور مرض میں کمی یا بیشی ہو میں اس کے مناسب نسخوں کو بدلکر استعمال کرتا جاؤں۔ پس اس صورت میں اگرچہ طبیب کتنا ہی ماہر ہو اور کتنے ہی غور و خوض سے نسخوں کی تجویز کرے لیکن اس مریض کی حالت اس مریض کی برابر نہیں ہو سکتی جو کہ روزانہ طبیب کے پاس آتا ہے اپنی حالت بیان کرتا ہے پچھلا نسخہ دکھلاتا ہے اور روزانہ اس میں تغیر و تبدل کمی بیشی کرا لیجاتا ہے اِس لیئے کہ اگرچہ پہلی صورت میں تمام تغیرات کے لیئے طبیب نے نسخے لکھدیے لیکن تغیرات کی تعیین اور اون کا فہم یہ محض مریض کی رائے پر رہا جو کہ رائے الجاہل ہونے کی وجہ سے ناقابل اعتبار ہے ممکن ہے کہ زیادتی صفرا کی ہو اور وہ سودا کا ہیجان سمجھ جاوے اور حستی سنبھالے کی ہو اور وہ مرض کی کمی سمجھ جاوے (وعظ احکام العشر الاخیر دعوات جلد ۲ وعظ ۶ صـ۳۲ سـ۱۲)

(۲۰) **مثال**۔ عالم غیب میں اسقدر وسعت ہے کہ یہ عالم دنیا اُس سے وہ نسبت رکھتا ہے جو سوئی پر لگا ہوا ایک قطرہ سمندر سے نسبت رکھتا ہے یعنی یہ عالم اُس کے سامنے مثل ایک قطرہ کے ہے اور وہ اِس کے اعتبار سے مثل سمندر کے ہے

(باقی آیندہ)

(۱) غایت مافی الباب اسکو مستبعد کہیں گے مگر استحالہ اور استبعاد ایک نہیں (اصول موضوعہ نمبر ۳)

(۳) اور کہیت گیہوں سے تو یہہ دور کو مستلزم ہے جو تمام عقلا کے نزدیک محال ہے تو لامحالہ یہہ ماننا پڑے گا کہ اول اول جب گیہوں یا کہیت پیدا ہوا تو بلا واسطہ سبب کے پیدا ہوا۔ یعنے کہیت بلا گیہوں کے پیدا ہوگیا یا گیہوں بلا کہیت کے۔ اوس کے بعد سلسلہ اسباب کا چلا۔ ثابت ہوگیا کہ اِس سلسلہ میں ایک چیز ضرور بلا کسی سبب کے بنی ہے۔ اور وہ گیہوں یا کہیت ہے تو عقل سلیم اسکو ماننے سے انکار نہیں کر سکتی کہ جب تمام سلسلہ میں سے ایک چیز بلا سبب کے پیدا ہوگئی تو سلسلہ کے ہر ایک فرد میں یہہ امکان ہے کہ بلا سبب کے بن سکے کیونکہ کسی فرد میں خصوصیت کی کوئی وجہ نہیں۔ جب ہر فرد میں یہ امکان ثابت ہے اور قادر مطلق نے ایک فرد کو بلا سبب کے بنا کر دکہا ہی دیا تو جس فرد کو بہی وہ چاہے اسیطرح بلا سبب کے بنا سکتا ہے۔ قرآن پاک میں اسی قسم کا مضمون اس آیت میں موجود ہے وبدأ خلق الانسان من طین ثم جعل نسلہ من سلالۃ من ماء مھین۔ یعنے شروع کیا حق تعالےٰ نے انسان کی پیدائش کو مٹی سے (کہ ابو البشر آدم علیہ السلام کو مٹی سے بنایا) پہر انسان کی نسل کو ایک جوہر سے کہ وہ ناچیز پانی ہے مقرر کیا۔ نسل انسانی میں بہی وہی دور لازم آتا تہا کہ انسان پیدا ہوتا ہے نطفہ سے اور نطفہ پیدا ہوتا ہے انسان سے تو کوئی چیز ان دونوں میں سے اول بلا دوسرے پر توقف کے پیدا ہوئی اوسکو بیان فرمادیا کہ ہمنے نطفہ اور انسان میں سے اول انسان کو مٹی سے محض اپنی قدرت سے بنادیا پہر سلسلہ اوسکی نسل کا نطفہ پر قایم کردیا مقصود اظہار قدرت ہے کہ جب انسان محض قدرت سے بن سکتا ہے تو جتنے واسطے اسوقت انسان کے پیدا ہونے میں ہیں مثلاً نطفہ کا غذا سے بننا غذا کا گوشت اور نباتات وغیرہ سے بننا۔ گوشت اور نباتات کا پانی مٹی وغیرہ سے تیار ہونا یہ سب ہی بلا واسطہ سبب کے بن سکتے ہیں۔ ہاں سلسلہ اسباب مقرر کرنے کے بعد عادت اوس حکیم وعلیم کی یہہ ہے کہ بلا سبب کے نہیں پیدا کرتے الا نادراً کہ کبہی کبہی بطور یاد دہانی کے پہر قدرت ہی سے بلا واسطہ

۱۹۷

(۳) سبب کے کسی چیز کو بنا دیتے ہیں جیسے حضرت عیسے علیہ السلام کو بلا باپ کے صرف ماں سے
پیدا کر دیا۔ چنانچہ اسپر اشکال کرنے والوں کو اپنی پرانی صنعت یاد دلائی ان مثل عیسیٰ
عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب یعنی عیسی علیہ السلام کی حالت حق تعالےٰ
کے نزدیک آدم علیہ السلام کیسی ہے کہ اونکو مٹی سے پیدا کیا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ بن
باپ کے پیدا ہونے میں کیا تعجب ہے آدم علیہ السلام کو ہم نے بن باپ اور بن ماں کے
پیدا کیا تھا یہ ہماری صنعت وقدرت پہلے سے تمکو معلوم ہے اب ہم نے اوس کی
تہوڑی یاد دہانی پھر کی ہے کہ عیسے علیہ السلام کو بلا باپ کے صرف ماں سے پیدا کیا
اسی قبیل سے تمام معجزات وکرامات ہیں کہ حق تعالیٰ کبھی کبھی کسی اپنے خاص بندے کے ہاتھ پر
کسی کام کو عادت کے خلاف محض اپنی قدرت سے بلا واسطہ سبب کے پیدا کر دیتے ہیں اس سے
قدرت کا ظہور ہوتا ہے اور اس بندہ کی خصوصیت اور سچائی ثابت ہوتی ہے۔ جب
ہم نے ثابت کر دیا کہ اسباب کے سلسلہ کو کہیں ختم کرنا پڑتا ہے اور سبب اول کی
پیدائش کو بلا سبب کے ماننا پڑتا ہے اور اس سے اوس سلسلہ کے ہر ہر فرد میں اس بات
کا امکان ثابت ہوتا ہے کہ اس فرد کو بلا سبب پیدا کر دے تو کوئی شبہ جس کو
ناشی عن دلیل کہا جاوے معجزہ کے متعلق نہیں رہتا ہاں یہہ کہہ سکتے ہیں کہ چونکہ وہ عادت
کے خلاف ہے اسواسطے مستبعد اور موجب تعجب ضرور ہے مگر مستبعد اور ہے
اور محال اور دیکھو اصول موضوعہ نمبر ۳ اس کا نتیجہ صرف یہہ ہونا چاہیے کہ بلا مشاہدہ یا بلا ثبوت
از سند صحیح نہ مانا جاوے۔ اور جب ثبوت سند صحیح سے مثلاً نص قطعی سے یا خبر متواتر ومعتبر
سے ہوجاوے تو انکار نکیا جاوے اور اسوقت میں اوس میں ایسی تاویلیں کرنا جس کی وہ
نص وخبر محتمل نہو تحریف ہے جیسے قرآن میں جابجا سخت سخت وعیدین آئی ہیں مثلاً
اہل کتاب پر تحریر فرمایا ہے فبما نقضہم میثاقہم لعناہم وجعلنا قلوبہم
قاسیۃ یحرفون الکلم عن مواضعہ یعنی چونکہ اہل کتاب نے وہ عہد توڑ دیا جو اون سے
لیا گیا تھا اسواسطے ہم نے اونپر لعنت کی اور اون کے دلوں کو سخت کر دیا جس سے
وہ کلمات الٰہی کو اپنے موقعوں سے بدل کر استعمال کرنے لگے یعنے تحریف کرنے لگے

۱۹۸

(۷) (جیسا اضرب بعصاک الحجر میں کیا گیا کہ اضرب کے معنے چلنے کے اور حجر کے معنے پہاڑ کے لیئے گئے حالانکہ ایسی ترکیب میں کسی فصیح کلام میں اضرب چلنے کے معنے میں اور حجر پہاڑ کے معنے میں نہیں آتا) تحریف کو سب جانتے ہیں کہ کس درجہ ممنوع و منکر ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ معجزہ یا کرامت خلاف عقل (یعنی محال) نہیں لہذا خبر صحیح ملنے کے بعد اوس کا انکار جائز نہیں نہ اوسمیں تاویل کی ضرورت۔ اس صورت میں اوس میں تاویل کرنا بالکل ایسا ہوگا جیسے کوئی معتبر ذرائع سے سنے کہ کلکتہ ایک چیز ہے مگر اوس نے خود کلکتہ کو دیکھا نہو تو اس خبر میں یہ تاویل کرنے لگے کہ جس نے کہا ہے کلکتہ ایک چیز ہے اوس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کلکتہ ایک شہر ہے جس میں لاکھوں آدمی رہتے ہیں۔ اور بڑے بڑے کارخانے وچناں وچنیں ہیں کیونکہ لاکھوں آدمی ایک جگہ کیسے رہ سکتے ہیں اون کے کہانے پینے پہننے رہنے کو کہاں سے آسکتا ہے بلکہ کلکتہ اصل میں کل کہتہ تہا۔ کل بمعنی مشین اور کہتہ بمعنے ڈھیر یعنے مشین کا ڈھیر۔ کہنے والے نے کسی ریل کے اسٹیشن یا کسی کولہو کے کارخانہ میں بہت سی مشینیں دیکھی ہوں گی اوس نے اوس کا نام کل کہتہ رکھدیا پہر کثرت استعمال سے ہائے مختفی گر گئی کلکتہ رہ گیا۔ اس طرح کی تاویلوں کو اگر جائز رکھا جاوے تو دنیا کے کاروبار سب اُلٹ پلٹ ہو جاویں۔ اس شخص کی عقل اتنی چھوٹی ہے کہ لاکہہ دو لاکہہ آدمیوں کا ایک جگہ رہنا اور خورونوش کا سامان ہونا اوسکی سمجہہ میں نہیں آیا اسوجہہ سے اوس نے لفظ کلکتہ میں یہ تاویل کی۔ اسیطرح اہل فطرت کی عقل میں پتہر میں سے ایک دم پانی کا پہوٹ نکلنا اور حضرت عیسی علیہ السلام کا بلا باپ کے پیدا ہونا وغیرہ نہ آیا تو ایسی دور از کار تاویلیں کیں جو کلکتہ کی تاویل سے کم نہیں۔ انہوں نے یہ نہیں غور کیا کہ جو چیز سبب کے ذریعہ سے ہی پیدا ہوتی ہے تو کیا اوس سبب کا ذاتی اثر یہ ہے کہ اوس سے وہ چیز بنجاوے یا وہاں اب بہی کسی قادر اور صاحب ارادہ کے تصرف کی ضرورت ہے۔ شق اول کا کوئی عاقل قائل نہیں ہو سکتا۔ لامحالہ شق ثانی ہی متعین ہوئی یعنی اوس سبب سے اوس چیز کا پیدا ہو جانا قادر مطلق کی قدرت سے ہوتا ہے تو ہر چیز کا پیدا ہونا قدرت ہی سے ہوتا ہے۔ اب صرف اتنی گنجایش اور

(۳) رہی یہ کہ قدرت ہر شے میں اسکی استعداد کے موافق تصرف کرتی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ قاعدہ
مخلوقات کی قدرت میں جاری ہو سکتا ہے کیونکہ اون کی قدرت محدود اور دوسرے کی عطا کردہ ہے
اونکو اتنی ہی قدرت دیگئی ہے کہ کسی چیز میں ایک گونہ تصرف کر سکیں اس گونہ تصرف کی تحدید اوس
استعداد سے ہوتی ہے جو خالق جل وعلا شانہ نے اوس شے میں رکھی ہے جس میں یہہ
تصرف کرنا چاہتے ہیں مثلاً انسان کی چٹکی میں دبانے کی قدرت دی ہے مگر اوسکی تحدید اسطرح
کر دی ہے کہ موم میں استعداد دبنے کی دی ہو اوسکو چٹکی دبا سکتی ہے اور پتھر یا لوہے میں
یہ استعداد نہیں دی اوسکو چٹکی نہیں دبا سکتی اور یہہ قاعدہ حضرت حق جل وعلا شانہ کی
قدرت کے بارہ میں نہیں جاری ہو سکتا کیونکہ وہ خالق کل ہیں استعداد بھی اونہی کی پیدا کی
ہوئی ہے تو وہ اگر موم سے پتھر کا کام یا برعکس لینا چاہیں تو ممکن ہے کہ اسطرح لے سکتے ہیں
کہ اول اوس میں استعداد پیدا کر دیں پھر اوس سے وہ کام لیں۔ لیکن خود استعداد کیلئے
استعداد کی ضرورت نہیں کیونکہ اس کے متعلق غور کیا جاوے کہ وہ کیا چیز ہے تو حقیقت
اوسکی سوائے اسکے کچھ نہیں کہ وہ ایک کیفیت ہے جو صرف حکم الٰہی سے پیدا ہوتی ہے۔ ۲۰۰
اوسی کے لیئے پھر کسی اور استعداد کی ضرورت نہیں ورنہ تسلسل لازم آوے گا۔ نتیجہ یہہ
ہوا کہ جس چیز میں چاہیں جو استعداد چاہیں پیدا کر سکتے ہیں اوس کے بعد اوس میں وہ
تصرف بآسانی ہو سکتا ہے اور وہ کام اوس سے ہو سکتا ہے۔ اب ناظرین اس مضمون میں
ذرا سا غور اور کریں کہ اگرچہ تصرف استعداد کے موافق ہوتا ہے لیکن خود استعداد کسی
ضابطہ کی پابند نہیں تو نتیجہ یہ نکلا کہ تصرف کسی ضابطہ کی پابند نہیں اسیجہ میں آگیا ہوگا کہ حق تعالیٰ کی قدرت و تصرف کیلیے کوئی
تحدید نہیں ہاں اپنے ارادہ سے بعض چیزوں میں کوئی حد مقرر کر رکھی ہے کہ اکثر اوس کے
خلاف نہیں کرتے مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ کر ہی نہیں سکتے چنانچہ کبھی کبھی بدرجہ اقل
یاد دہانی قدرت کے لیے خلاف کر بھی دیتے ہیں اسیکو معجزہ یا کرامت کہتے ہیں چٹکی میں
لوہے کو دبانے کی قدرت نہیں مگر حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں لوہے کو ایسا ہی
نرم کر دیا جیسے موم وَاَلَنَّا لَہُ الْحَدِیْدَ کہ اوس سے آپ بے تکلف زرہ بنا لیتے تھے
غرض ہماری قدرت اور حق تعالیٰ کی قدرت میں فرق ہے حق تعالیٰ کی قدرت کی کوئی تحدید نہیں

(باقی آیندہ)

بعض شیعہ صاحبان فرمایا کرتے ہیں کہ ان اللہ معنا میں لفظ معنا کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بطور استہزا یعنی ٹھٹھے کے فرمایا تھا سو اس کا یہ جواب ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ معنا کو ٹھٹھے کے واسطے فرمایا ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہیں اور اگر رفعت شان و علو مرتبہ کے لئے فرمایا ہے تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بھی داخل ہیں۔

فریدالدین عطار قدس سرہ العزیز نے صدیق رضی اللہ پر سکینہ نازل ہونے کے بارہ میں فرمایا ہے ؎

خواجۂ اول کہ اول یار اوست	ثانی اثنین اذ ہما فی الغار اوست
چوں سکینہ شد ز حق منزل برو	گشت مشکلہائے عالم حل برو

حسین ابن فضل رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

من قال ان ابا بکر لم یکن صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فھو کافر لانکارہ بنص القرآن وفی سائر الصحابۃ کان مبتدعا لا کافرا	جو شخص اس بات کا انکار کرے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی نہ تھے وہ نص قرآن کا انکار کرنے کی وجہ سے کافر ہے اور باقی اور صحابہ کے صحابی ہونیکا انکار کرنے کی وجہ سے) بدعتی ہوگا کافر نہیں ہوگا

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اُمیہ بن خلف اور ابی بن خلف سے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو ایک چادر اور چند پیمانہ کے عوض میں خرید کر آزاد کر دیا تو آپ کی شان اور ابی بن خلف وغیرہ کے بارہ میں وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی سے اِنَّ سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی تک نازل ہوئی (کذا فی تاریخ الخلفاء) نیز تفسیر حسینی میں سورہ واللیل کے متعلق مذکور ہے۔

اغلب مفسران برانند کہ این سورہ بعضی در شان سیرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نازل شدہ و برخی گفتہ اند در صفت امیہ بن خلف یا ابوجہل فرود آمد و در کشف الاسرار آوردہ است یکی آنکہ بیشتر و صدیقانست ازیں امت	اکثر مفسرین اس بات پر متفق ہیں کہ بعض حصہ اس سورت کا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سیرت میں نازل ہوا ہے اور کچھ نے بیان کیا ہے کہ امیہ بن خلف یا ابوجہل کے بیان میں اتری ہے کشف الاسرار میں وارد ہے

یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ و یکی اشقی کہ پیشوائے
زندیقانست از اہل ضلالت یعنی ابوجہل
و در فاتحۂ سورہ کہ بشب و روز قسم یاد میکنند
اشارتست بظلمت یکے و نورانیت دیگرے
یعنی در شب ضلالت کسی را آن گمراہی نبود
کہ ابوجہل شقی را و در روز دعوت ہیچکس را
آن نور ہدایت ظاہر نشد کہ ابوبکر صدیق
تقی رضی اللہ عنہ مثنوی

سر روشندلاں صدیق اعظم
کہ شد اقلیم تصدیقش مسلم
ز مہرش روز دین را روشنائی
بدو اہل یقیں را آشنائی
سینہ ل کے کند ایں قول ہا ور
تفاوتہائے دوراں میں تو دادر

کہ یہ سورت دو شخصوں کے بارے میں ہے
ایک اتقی کہ اس امت کے صدیقوں کے پیشوا
ہیں یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور ایک
اشقی کہ اہل ضلالت سے بے دینوں کا
پیشوا ہے یعنی ابوجہل شروع سورت میں
شب و روز کے ساتھ قسم کہانے میں ایک کی
ظلمت کی طرف اشارہ ہے اور دوسرے
کی نورانیت کی طرف یعنی شب ضلالت میں
کسی شخص کی وہ گمراہی نہ تھی جیسی ابوجہل بدبخت کی
روز دعوت میں کسی شخص کا وہ نور ہدایت
ظاہر نہ ہوا جیسا کہ ابوبکر تقی رضی اللہ عنہ کا
سر روشندلان صدیق اعظم ✤ کہ شد اقلیم تصدیقش مسلم
زمہرش روز دین را روشنائی ✤ بدو اہل یقیں را آشنائی
سینہ ل کے کند ایں قول باور ✤ تفاوتہائے دوران تیرہ اور

۱۲۰

قدوۃ المحققین زبدۃ المدققین مولانا مولوی محمد قطب الدین صاحب دہلوی نور اللہ مرقدہ
تلمیذ رشید خاتم المحدثین وارث علوم سید المرسلین حضرت مولانا مولوی شاہ محمد اسحٰق صاحب
رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب جامع التفاسیر میں اس سورت کے سبب نزول کے متعلق تحریر
فرمایا ہے "اور سبب نزول اس سورت کا یہ ہے کہ مکہ معظمہ میں دو شخص رئیسوں سے بڑے
مالدار تھے ایک حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دوسرا امیہ بن خلف اور ان دونوں کا معاملہ
مال کے صرف کرنے میں مختلف ہوا امیہ مال بہت رکھتا تھا اور بارہ غلاموں کو تربیت کرکے
ہر ایک کو ایک ایک کام سپرد کیا تھا چنانچہ ایک غلام کو کھیتی کا داروغہ کیا تھا اور ایک کو
میووں کے باغ کا اور ایک غلام کو قیمتی کپڑوں کی تجارت کے واسطے یمن اور شام کی طرف
بھیجتا تھا اور ایک جانوروں پر مقرر کیا تھا کہ دودھ دہی اور نسل کی خبرداری کرکے ان کے

حاصل کو جمع کیا کرے اور اسی طرح ہر غلام کو ایک کام سپرد کیا تھا اور اسی تدبیر سے مال بہت
جمع کیا تھا اور باوجود اس ثروت اور مالداری کے ایک کوڑی فقیر کو نہیں دیتا تھا اور اگر کوئی
غلام کسی محتاج کو کچھہ ادھی دمڑی کبھی دیتا تو اسپر خفا ہوتا بلکہ اس کام سے موقوف کرتا تھا اور
اگر کوئی شخص اس کمبخت کو بطور نصیحت کے کچھ سمجھاتا تھا کہ باوجود اس کثرت مال کے اللہ تعالےٰ
کی راہ پر محتاجوں مسکینوں کو کس واسطے نہیں دیتا ہے اور آخرت کا ذخیرہ کیوں نہیں کرتا
ہے؟ تو وہ بدبخت اوس کے جواب میں کہتا تھا اول تو آخرت ہی کہاں ہے اور اگر
بالفرض ہوئی بھی تو اس قدر مال و اسباب اور اولاد میں نے جمع کیا ہے کہ مجھ کو کچھ
احتیاج بہشت کی نعمتوں کی نہیں ہے اور ان چیزوں سے جسکی طمع اور لالچ محمد
(صلی اللہ علیہ وسلم) فقرا اور محتاجوں کو دیتا ہے اور اس سبب سے ان لوگوں کو اپنا گرویدہ
کرتا ہے مجھ کو کچھ پروا نہیں ہے اور اسی کے غلاموں سے ایک حضرت بلال رضی اللہ عنہ
تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاص خادم تھے اور بزرگی میں ان کا مرتبہ اس
حد کو پہنچا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو عالم معاد میں اپنے آگے آگے
جاتا دیکھا اور آپ کے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بہشت
بلال کی مشتاق ہے سو حضرت بلال رضی اللہ عنہ جس وقت میں کہ مملوک اس بدبخت کے
تھے تو پوشیدہ اسلام لائے تھے آخیر کو رفتہ رفتہ ان کے اسلام لانے کی خبر اسکو
پہونچی تو اول ان کو معزول کیا اور خزانے اور بتخانہ کی داروغگی جو ان سے تعلق رکھتی
تھی دوسرے غلام کو سپرد کی پھر ان کو اپنے سامنے بلوا کے پوچھا کہ تو کس کو پوجتا ہے
حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خدا کو اس ملعون
نے کہا کہ اس دین کو چھوڑ دے نہیں تو میں تجھسے بری طرح پیش آؤں گا اور مارتے
مارتے مار ہی ڈالوں گا حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں تو اس دین سے
پھر نہیں سکتا تیرا جو جی چاہے سو کر میں تیرا غلام ہوں اس شقی ازلی نے اپنے
غلام سے ایسا حکم کیا کہ دن چڑھے ان کے بدن میں کانٹے چبھویا کرو اور جب
آفتاب خوب گرم ہو تب دھوپ میں چت لٹا کر سر سے پیر تک ان پر گرم پتھر

۱۲۱

رکھدیا کرو تاکہ ہل نہ سکیں اور گردمن کے آگ جلادیا کرو اور جب شام ہو تب ہاتھ پر ہاتھ باندھ کر اندھیرے مکان میں قید رکھو اور باری باری سے رات بھر کوڑے مارا کرو اور صبح تک یہ مار موقوف نہ کرو اسی طرح سے کتنے دنوں تک حضرت بلال رضی اللہ عنہ اس مصیبت میں گرفتار رہے اور پکار پکار کر احد احد کہلے گئے یعنی معبود میرا ایک ہے۔ ایک روز حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ رات کے وقت اس طرف سے گذرے اور اس ملعون کے گھر سے آواز نالہ وزاری کی آپ کے کان میں پڑی۔ پوچھا اس گھر میں کیا ہوتا ہے اور یہ آواز کیسی ہے؟ لوگوں نے کہا کہ بلال (رضی اللہ عنہ) نام ایک غلام ہے اسکو مارتا ہے یہ آواز اس غلام کے رونے کی ہے۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کو یہ بات سن کے نہایت رنج ہوا اور صبح اس کے گھر میں آپ تشریف لے گئے اُس مردود کو نصیحت کرنی شروع کی کہ خدا سے ڈر۔ اور اس غلام پر اتنا ظلم ناحق مت کر اس واسطے کہ اس نے سچا دین قبول کیا ہے تجھ کو چاہیئے کہ اِس غلام کو غنیمت جان اور اوس کے ساتھ احسان کر کہ آخرت میں تیرے کام آدے اور تجھ کو اس سختی سے بچا دیگا اُس ملعون نے کہا کہ آخرت سے کہاں اور دین کہاں سے معلوم ہوا کہ سچا ہے۔ اور اگر بالفرض آخرت ہوئی بھی تو مجھ کو دنیا میں کس چیز کی کمی ہے کہ آخرت کی نعمتوں پر جو فقط وہم وخیال ہے فریفتہ ہوں میرے پاس دنیا میں بہشت موجود ہے چنانچہ تم بھی جانتے ہو کہ کوئی چیز ایسی نہیں جو میرے کارخانہ میں موجود نہیں ہے اور مضمون ان بیتوں کا ادا کرتا تھا ؎

۱۲۲

صبح توجام سے گزرتی ہے شب دلارام سے گذرتی ہے
عاقبت کی خبر کسے معلوم یہاں تو آرام سے گذرتی ہے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پھر اوسکو سمجھایا اور نصیحت کی کہ میرا کہا مان اور اس بیچارے مسکین پر ظلم کرنے سے باز آ۔ اس بدبخت نے کہا اگر تمہارا دل اس پر ترس کھاتا ہے تو تم ہی مالدار ہو اور آخرت کا اعتقاد بھی رکھتے ہو تم ہی ثواب کماؤ اور اس غلام کو مجھ سے خرید لو۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو اس بات کی آرزو رکھتے تھے فرمایا اس سے کیا بہتر ہے اس کے عوض جو تم طلب کرو دیدونگا اور اسکو خرید ونگا

(باقی آیندہ)

فہرست کتبخانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی

سنہ ۱۳۴۸ھ

قواعد و ضوابط کتب خانہ ہذا

(۱) اس فہرست میں جو قیمتیں درج ہیں کتبخانہ اُنکا پابند ہوگا دوسرے مطابع کی قیمتوں کا اتباع لازم نہیں ہر فہرست جدید جو کتبخانہ شائع کرے فہرست سابق کی ناسخ ہوگی۔

(۲) قیمت مندرجہ فہرست غیر مجلد کتابونکی قیمت ہے سوائے اُن کتابوں کے جنکے نام کیساتھ لفظ مجلد لکھا گیا ہو۔

(۳) بعض حضرات کتابوں کیساتھ کسی خاص مطبع کا نام لکھدیتے ہیں مثلاً شرح جامی مجتبائی حالانکہ مطلوبہ کتابیں اُس مطبع میں طبع نہیں ہوئی ہیں یا طبع ہوئی تھیں مگر نایاب ہوگئیں، مثلاً بخاری مصطفائی ایسی حالت میں کتاب مطلوبہ فرمائش میں سے کاٹ دیجائیگی یا بصورت اجازت کسی دوسرے مطبع کی روانہ کیجائیگی۔

(۴) حتی الامکان کتابیں عمدہ خوشخط اچھے کاغذکی روانہ ہوتی ہیں سوائے اُن کتابوں کے جو عمدہ دستیاب نہوں۔

(۵) مقدار روانگی محصولڈاک محصول ریل وفیس منی آڈر بذمہ خریدار ہوگے

(۶) کتبخانہ سے مراسلت کرنیمیں اسکا لحاظ ضروری ہے کہ بیجک یا خطوط کی تاریخ و نمبر کا حوالہ دیا جائے، ورنہ جواب ملنے میں تاخیر ہوگی۔

(۷) جن مقامات میں کہ ریلوے اسٹیشن قریب ہے وہاں مال طلب کرنیوالوں کو چاہیے کہ اسٹیشن کا نام اور ہوسکے تو لائن کا نام بھی لکھدیا کریں تاکہ مال بذریعہ ریلوے پارسل روانہ ہو اور بلٹی کا ویلیو کردیا جائے اسمیں محصول کی تخفیف ہیگی ان دور دراز مقامات جہاں محصول ریل محصولڈاک سے کم نہو وہاں ڈاکخانہ کے ذریعہ سے منگانیمیں ہی سہولت ہے، ڈاکخانہ کا نام بہرحال لکھنا ضروری ہے۔

(۸) جبکہ پیکٹ یا پارسل یا گٹھری کتبخانہ سے مقررہ احتیاط کیساتھ روانہ ہوجائیگی تو کتبخانہ آئندہ کسی نقصان کا ذمہ دار نہوگا۔

(۹) بعض کتابیں عربی، فارسی، اردو تینوں زبانوں میں ہیں مثلاً کنز الدقائق اُنکے ساتھ لفظ عربی یا فارسی یا اُردو ضرور لکھنا چاہیے

(۱۰) کوئی کتاب خلاف فرمائش روانہ نہوگی اگر غلطی سے ایسا ہوگیا ہو تو واپس لیجائیگی (۱۱) مجلد کتابونکی فرمائش کی تعمیل اتنی دیر سے ہوگی جتنی دیر میں جلدیں تیار ہوں اور جلدساز کبھی معمول سے زیادہ دیر لگادیتے ہیں (۱۲) فرمائش کنندہ کو لازم ہے کہ اپنا نام اور پتہ صاف و خوشخط لکھے اور ڈاکخانہ و ضلع بھی ضرور لکھنا چاہیے ممکن ہو تو ڈاکخانہ اور ریلوے اسٹیشن کا نام انگریزی میں لکھدیا کریں (۱۳) جواب طلب امور کیلئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیے ورنہ بیرنگ خط واپس ہوں گے۔

(۱۴) بعض حضرات صرف ٹکٹ روانہ فرمادیتے ہیں کتبخانہ اُس کے عوض کتاب روانہ کردیتا ہے مگر راہ میں پیکٹ بوجہ از جسٹر ہونیکے ضائع

قرآن مجید مصری

قرآن مجید پندرہ سطری تقطیع خورد طول ۱۰، انچہ عرض میں ۶½، انچہ مجلد پارچہ ایکروپیہ (عہ) مجلد چرمی (عہ)
قرآن مجید مصری:- تقطیع متوسط طول میں ۱۱، انچہ عرض میں ۷½، انچہ مجلد پارچہ عہ مجلد چرمی (عہ)
قرآن مجید مصری:- مطبوعہ قاسمی پریس دیوبند جسکو مقتدر علماء دار العلوم نے نہایت عرق ریزی کیساتھ صحیح کیا ہے مہر و دستخط تصدیقی کلام مجید کے آخر میں ثبت ہیں تقطیع متوسط یعنی طول میں ۱۱، انچہ عرض میں ۷½، انچہ مجلد پارچہ عہ مجلد چرمی (سے)

نوٹ:- قرآن مجید مذکور بالا کے علاوہ بھی روانہ ہوسکتے ہیں آپ اپنی گنجائش کے موافق ہدیہ کے طلب فرمائیں، ارسال کئے جائیں گے۔

قرآن مجید مترجم

قرآن مجید پانچ ترجمہ والا:- اس میں پانچ ترجمہ ہیں، حضرت مولنا شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ و حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ یہ دونوں تو فارسی ترجمے ہیں اور حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب قدس سرہٗ کا اردو لفظی و حضرت مولنا شاہ عبد القادر صاحب قدس سرہٗ کا پرانہ محاورہ کا، اور پانچواں ترجمہ اردو حضرت مولنا شاہ محمد اشرفعلی صاحب مدظلہم کا آجکل کے محاورہ میں ہے اور حاشیہ پر احسن التفاسیر ہے، اس تفسیر میں شان نزول روایات صحیحہ سے بیان کیا ہے، اور بہت سہل الفاظ میں قرآن مجید کا مطلب بیان کیا ہے کہ جسے ہر شخص بآسانی سمجھ سکتا ہے۔ کاغذ مصری کا ہدیہ بلا جلد دس روپیہ اور مجلد بارہ روپیہ آٹھ آنہ (۱۲؍)
ایضاً کاغذ سفید گلیز بلا جلد (۵؍) مجلد (۶؍)

قرآن مجید مترجم:- ترجمہ حضرت مولنا شاہ رفیع الدین صاحب تقطیع کلاں مجلد چرمی (للعہ)
قرآن مجید مترجم:- ترجمہ حضرت مولانا شاہ محمد اشرفعلی صاحب مدظلہم حاشیہ پر شان نزول مطبوعہ جید پریس دہلی تقطیع طول میں ۱۱ انچہ اور عرض میں ۷½ انچہ ہدیہ عام اور مجلد پارچہ دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ) اور مجلد چرمی تین روپیہ (سے) اور اگر حنا شدہ درکار ہو تو چار آنہ (۴؍) اور زائد ہونگے۔

شمائل شریف معرا و مترجم

شمائل شریف معرا:- جیسی نہایت عمدہ کتابت و طباعت وغیرہ دیدہ زیب مجلد چرمی ایکروپیہ آٹھ آنہ عہ
شمائل شریف مترجم مطبوعہ محبوب المطابع کاغذ سفید اس شمائل شریف میں حسب ذیل خصوصیات ہیں (۱) ترجمہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرفعلی صاحب تھانوی مدظلہم (۲) فضائل القرآن حدیث شریف سے لیکر حاشیہ پر درج کئے گئے ہیں (۳) خواص القرآن۔ تمام سورتوں اور اکثر آیتوں کی خاصیتیں اور تعویذ مستند کتابوں سے لیکر درج کئے گئے ہیں (۴) تعبیر خواب (۵) شان نزول۔ اکثر آیات کا لکھا گیا ہے (۶) ربط آیات و ربط سورتہائے قرآن مجید بھی بیان کیا گیا ہے (۷) عجیب و غریب فوائد نافعہ (۸) مسائل القرآن آیتوں سے جو مسائل نکلتے ہیں انکا بیان (۹) اول میں ایک مقدمہ ہے جس میں بہت سے مفید مضامین اور مضامین قرآن مجید کی فہرست وغیرہ فوائد ہیں ہدیہ بلا جلد (ہ) اور مجلد (عہ)
شمائل شریف مترجم ترجمہ حضرت مولانا تھانوی

نام کتاب	قیمت
مدظلہم تقطیع جیبی ہدیہ مجلد چرمی۔	۳
حمائل شریف مترجم ترجمہ مولوی عاشق الٰہی صاحب مولوی فاضل میرٹھی ترجمہ بامحاورہ اُردو حاشیہ پرشان نزول فوائد سورتوں کے خواص اور ترتیب نزول آخر میں خاندان چشتیہ کا شجرہ ابتدا میں ۴۸ صفحہ کا رسالہ جسمیں انبیا علیہم السلام کے حالات درج ہیں منظم ہے۔ کاغذ سفید چکنا جنا شدہ مجلد چرمی۔	للعہ

کتب تجوید

نام کتاب	قیمت
آداب القرآن مجید	۱/
تجوید القرآن معہ رسالہ تعلیم القرآن و یادگار حق القرآن از حضرت مولٰنا تھانوی مدظلہم۔	۱۰/
تنشیط الطبع فی اجراء السبع از حضرت مولانا تھانوی اس میں قاریوں اور انکے راویوں کے نام و اختلاف	

نام کتاب	قیمت
اور ساتوں قرتوں کے معلوم کرنیکی ترکیب وغیرہ وغیرہ ہے	۵/
التیسیر	۱۰/
جمال القرآن علم تجوید میں نہایت واضح اور جامع رسالہ از حضرت تھانوی مدظلہم۔	۳/
وقائق المحکمہ شرح جزری از شیخ الاسلام زکریا شافعیؒ	۳/
رموز القرآن	۱۰/
شرح جزری اُردو	۵/
فوائد مکیہ	۳/
مجموعہ بست رسائل قرات	۵/
مجموعہ زینۃ القاری معہ مخارج الحروف و سراج القاری والبیان الجزیل الترتیل۔	۳/
مفتاح القرآن	۱۰/
مفید القاری	۶/

کتب تفسیر عربی

نام کتاب	قیمت
تفسیر جلالین معہ کمالین۔	۶/
تفسیر بیضاوی تادرسس کانپوری	عہ

نام کتاب	قیمت
تفسیر بیضاوی من مجتبائی	عہ
تفسیر بیضاوی نظامی	عا
تفسیر جامع البیان	صہ
سبق الغایات فی نسق الآیات از حضرت مولانا تھانوی مدظلہم العالی	۱۰/

کتب تفسیر اُردو

نام کتاب	قیمت
تفسیر بیان القرآن مؤلفہ حضرت مولانا شاہ محمد اشرفعلی صاحب تھانوی مدظلہ اس تفسیر کی خوبی پورے طور پر بیان کرنا مشکل ہے حضرت مولانا نے اسمیں ان امور کا التزام کیا ہے ترجمہ بامحاورہ مگر تحت اللفظ کی رعایت مد نظر ہے توضیح کے لئے ف کے نشان سے تفسیر کی گئی ہے ضروری مضامین اور روایات صحیحہ لکھی ہیں اتباع سلف کا التزام ہے، مسائل فقہیہ و کلامیہ سے بھی حسب ضرورت بحث کیگئی ہے جن آیات کی تفسیر احادیث مرفوعہ سے بھی وارد ہوتی ہے اس کو مقدم رکھا ہے ربط آیات خاص اہتمام سے بیان کیا ہے۔ ہر صفحہ کے حصہ زیریں میں جدول دیگر نیچے اختلاف وحل لغات ضروری ترکیب وجوہ بلاغت توجیہہ ترجمہ مختصر مذکور ہے۔ کامل	عنعہ
ایضاً حصہ اول	۱۴/عہ
” ” دوم	۱۴/عہ
” ” سوم	۱۲/عہ
” ” چہارم	۱۲/عہ
” ” پنجم	۸/عہ
” ” ششم	۱۰/عہ
” ” ہفتم	عہ
” ” ہشتم	۸/عہ
” ” نہم	۱۰/عہ
” ” دہم	۸/عہ
” ” یازدہم	۱۲/عہ
” ” دوازدہم	۱۴/عہ
تفسیر عزیزی پارہ عم از حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ	۸/عہ
پارہ تبارک الذی	عہ
تفسیر مرادیہ	عہ
تفسیر موضح القرآن از حضرت مولانا مولوی شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلویؒ یہ تفسیر تمام قرآن شریف کی ہے ایسی مختصر اور واضح تفسیر	

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت

میرے خیال سے دوسری نہیں ہے — للعہ

تفسیر حل القرآن از مولانا مولوی حبیب احمد صاحب کیرانوی یہ تفسیر آجکل کی ضروریات کے لحاظ سے نہایت کار آمد ہے اسکی تعریف میں صرف حضرت مولانا تھانوی مدظلہم کی تقریظ [illegible] ہوں اس سے اس کی خوبی معلوم ہو جائیگی

خلاصہ تقریظ حضرت حکیم الامۃ تاج المفسرین مولانا مولوی شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی دام ظلہم العالی

بعد الحمد والصلوۃ احقر مظہر عا ہے کہ میں نے اس تفسیر مسمی بہ حل القرآن مولفہ مشفق مکرم جامع فضائل علمیہ و عملیہ مولوی حبیب احمد صاحب کیرانوی سلمہ اللہ تعالیٰ کو شروع سے ختم تک حرفاً حرفاً دیکھا ہے جو خصوصیات تفسیر کی میرے ذہن میں ہیں انکو لکھتا ہوں (۱) ترجمہ سلیس و شگفتہ ہے جسمیں لغت و محاورہ دونوں کی کافی رعایت ہے۔ زبان نہ بازاری و مبتذل نہ محض کتابی و مغلق۔ (۲) تفسیر نہ اتنی مختصر ہے کہ مقصود میں مخل ہو نہ ایسی طویل کہ ناظرین کے لئے ممل (اکتا دینے والی) ہو۔ (۳) تفسیر کی تقریر ایسے انداز سے کی گئی ہے کہ اسی سے اجزاء قرآنیہ میں نہایت لطیف ارتباط بھی ظاہر ہو گیا ہے۔ (۴) بعض جگہ میرے حواشی ملیں گے۔ جنمیں بعض حواشی سے میرا جوش وجد ظاہر ہوگا۔ جو غایت استحسان سے ناشی ہوا (۵) بعض فرق باطلہ کے تمسکات کا مواقع حاجت میں جواب بھی دیا گیا اور جواب بھی بہت دلپذیر یہ مختصر نمونہ ہے خصوصیات کا باقی مطالعہ سے جو خصوصیات مشاہد ہوں گی وہ اُن کے علاوہ ہیں۔ میری رائے میں عوام و خواص سب کیلئے یہ تفسیر تمام اُن ضروریات کے اعتبار سے مفید ہے جو اس وقت حاضر ہیں۔ قیمت بھی اندازے ہے لینے میں دریغ نہ کیا جاوے کتبہ الاحقر اشرف علی التھانوی الحنفی فی تھانہ بھون لعشرین من صفر ۱۳۴۳ھ

اسوقت اس تفسیر کی صرف جلد اول تیار ہے جسمیں سورہ بقر کی تفسیر ہے ضخامت ۱۲۸ صفحے تقطیع ۲۲×۲۹ قیمت — عہ

تفسیر حقانی یہ تفسیر عرصہ سے کمیاب بلکہ نایاب تھی مگر اب اس کی طباعت شروع ہو گئی اور مفصل ذیل جلدیں تیار ہو گئی ہیں

اول یعنی مقدمہ — ۶ر

دوم — للعہ

سوم — للعہ

تفسیر سورۂ فاتحہ — ۳ر

جواہر التفاسیر — ۶ر

کتب حدیث عربی

الطیب الشذی علی جامع الترمذی از مولانا اشفاق الرحمن صاحب ضخامت ۴۰۰ صفحات — ۸ر

ابوداؤد مجتبائی — للعہ

العرف الشذی علی جامع الترمذی — للعہ

اعلام اہل العصر — ۴ر

ابن ماجہ — صہ

بلوغ المرام — ۱۰ر

جامع الترمذی — ۸ر

ایضاً مجیدی — ۸ر

حصن حصین محشی بحواشی مولانا عبد الحی صاحب رح — ۶ر

دار قطنی — ۷ر

کشف المغطاء عن رجال الموطا ضخامت ۶۲ صفحات — ۸ر

صحیح مسلم شریف مع مصفیٰ و مسوی شرحین موطا امام مالک رح حامل متین اسکی پوری کیفیت صفحہ ۳۲ پر ملاحظہ ہو۔ — [illegible]

مشکوۃ شریف — ۸ر

ایضاً مجتبائی — ۷ر

موطا امام محمد رحمۃ اللہ علیہ — ۷ر

موطا امام مالک رح — ۶ر

نسائی شریف — [illegible]

نخبۃ الفکر — ۱۰ر

کتب حدیث اردو

اسماء الرجال اردو — ۴ر

التادیب التہذیب

ترجمہ ترغیب و ترہیب

نام کتاب	قیمت
اس میں احادیث شریف	
سے اعمال کی فضیلت اور	
گناہوں کی مذمت بیان	
کی گئی ہے جسکو پڑھ کر	
طاعت کی جانب مائل	
ہوجانا نہایت ممکن ہے	
اور گناہوں کے ترک کی	
توفیق نہایت سہل ہوجاتی	
ہے۔	۱۰ر
الیضاً حصہ دویم یعنی	
کتاب الصلوٰۃ	
کتاب الجمعہ	۲ر
کتاب الصدقات	۱۲ر
فتاوی محمدی معہ شرح	
دیوبندی	۱۰ر
حدیث اربعین	۲ر
کہف المتین خلاصہ	
حصن حصین	۴عہ
مجموعہ زواجر ہندی	۸ر
مجموعہ چہل حدیث	۲ر
منبہات ابن حجر	۵
مشارق الانوار	۸عہ
نخبۃ الفکر اردو	۱۰ر
عورتوں کی چہل حدیث	
اس کتاب میں چالیس	
احادیث ایسی جمع کیگئی	

نام کتاب	قیمت
ہیں جو عورتوں سے تعلق	
رکھتی ہیں ہر دو حصص	۴ر

کتب فقہ عربی

نام کتاب	قیمت
شرح وقایہ اول	۸عہ
الیضاً ثانی	۸عہ
الیضاً ثالث زیر طبع	۲ے
الیضاً رابع	۱۴عہ
صغیری	عہ
قدوری محشی بحاشیہ	
حضرت مولانا محمد اعزاز علی	۴عہ
صاحب مدرسہ دار العلوم	
دیوبند	۸عہ
الیضاً گلیز کاغذ	۱۴عہ
منیۃ المصلی	۱۲ر
الیضاً قاسمی	۱۰ر
نور الایضاح محشی بحاشیہ	
مولانا محمد اعزاز علی	
صاحب سلمہ	۱۰ر
نفع المفتی رسائل	
از مولانا عبد الحی	
صاحب لکھنوی رح	۱۲ر
ہدایہ محشی بحواشی مولانا	
عبد الحی صاحب	۱۲عہ
الیضاً اولین	۶ے
الیضاً آخرین	۸ے

اصول فقہ عربی و اردو

نام کتاب	قیمت
اصول شاشی معہ	
اشرف الحواشی	۱۰ر
الیضاً کلاں	عہ
ازالۃ الغواشی ترجمہ	
اصول شاشی	۷ر
توضیح تلویح بحاشیہ مولانا	
عبد الحکیم سیالکوٹی و انبہ	
مولانا عبد اللہ اللبیبی	
بالتصریح حنفیہ کے اصول	
فقہ کی مستند اور نہایت	
مشہور کتاب ہے جو عموماً مدارس	
اسلامیہ میں داخل درس	
ہے لیکن آج تک ہندوستان	
میں اس درجہ اعلیٰ صحت	
و کتابت طباعت کیساتھ	
طبع نہوئی تھی بصرف زر کثیر	
اب طبع ہوئی ہے۔	للعہ
حسامی اصح المطابع	عہ
سوال و جواب	
نور الانوار	۸ر
فصول شرح اصول شاشی	عہ
کشف المبہم	عہ
نور الانوار معہ قمر الاقمار	عہ

نام کتاب	قیمت
نامی شرح حسامی	عہ

کتب فقہ فارسی

نام کتاب	قیمت
بدائع منظوم	۳ر
تحفہ نصائح	۳ر
تذکرۃ الموتی والقبور	۲ر
چہار باب	۴ر
خلاصہ کیدانی	۱ر
فتاوی عزیزی کامل	عہ
فتاوی مولانا شاہ	
رفیع الدین صاحب	۱ر
مالابد منہ	۸ر
الیضاً مجتبائی	۱۰ر
مفتاح الصلوٰۃ	۴ر
نام حق	۱ر
الیضاً مترجم	۱ر

کتب فقہ اردو

نام کتاب	قیمت
احسن المسائل ترجمہ	
کنز الدقائق	۸عہ
اغلاط العوام از مولانا	
شاہ محمد اشرف علی صاحب	
تھانوی مدظلہ عوام میں	
جو غلط مسائل مشہور ہیں	
اُن کی تردید میں ہے	۱ر
اسلام کی پہیلی	۱ر

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
اسلام کی دوسری	۴ر	ترغیب الجماعت	۱ر	رفیع الدین صاحب	۴ر	اولین	۶ر
آثار محشر	۳ر	تعلیم النسا	ـ	سرمایہ آخرت	۱۰ر	ایضاً آخرین	۵ر
اشراق نوری ترجمہ		تمیز الکلام الحلال والحرام	۱۰ر	شرح وقایہ اردو	عہ	تتمہ اولیٰ وثالثہ امداد	
قدوری	عہ	تعلیم الدین مولفہ حضرت		شریعت کا لٹھ و کوڑا	۱ر	الفتاوے۔ اس میں سنہ ۱۳۲۶ھ	
تعلیم الاسلام مولفہ		مولانا تھانوی اسمیں عقائد		شاہد تربیت معروف بہ شربت		سے لیکر سنہ ۱۳۳۲ھ تک کے	
مولانا کفایت اللہ صاحب		وتصدیقات اعمال وعبادات		تندرستی یہ رسالہ مختصر زبان		فتاوے درج ہیں اور ان	
قاعدہ	ـ۱	ومعاملات وسیاسات		اردو نہایت جامع ہے		کے تین حصص ہیں اول	
حصہ اول	۱۰ر	آداب معاشرت سلوک		دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے	۴ر	امداد الفتاوی، دویم	
حصہ دوم	۲ر	ومقامات بالتفصیل درج		شرح محمدی منظوم	۵ر	حوادث الفتاوی سویم	
حصہ سوم	۴ر	ہیں۔	۸ر	صبح کا ستارہ	۲ر	ترجیح الراجح، امداد الفتاوی	
حصہ چہارم	۵ر	تجہیز وتکفین	۱۰ر	صلوٰۃ الرحمٰن ترجمہ		میں وہ فتاوی ہیں جو پہلی	
تحفۃ الزوجین یہ رسالہ		حارق الاشرار	۱۰ر	منیۃ المصلی	۸ر	کتب سے نقل کئے ہیں اور	
